لاہور، اسلام آباد، کراچی، کوئٹہ، پشاور، ملتان، سیالکوٹ، فیصل آباد سمیت دنیا بھر کی خبریں

ABC CERTIFIED

عوامی محبت گروپ آف پبلیکیشنز

تعمیری اور مثبت صحافت کا ترجمان

DAILY AWAMI MOHABBAT

روزنامہ

عوامی محبت

قصور، پاکستان

چیف ایڈیٹر: اقبال کھوکھر

سب ایڈیٹر: ڈاکٹر اظہر یونس

جلد نمبر 20 | منگل 22 جمادی الاول، 1448ھ 3 نومبر 2026ء، 20 کاتک 2080ب | شمارہ نمبر 129

خیبر پختونخوا میں انسداد دہشت گردی آپریشنز میں رکاوٹ پیدا کرنے والا سہولت کار اب وہاں موجود نہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر

بلوچستان میں بھی دہشتگردوں اور اشرافیہ کا گٹھ جوڑ ہے، ISPR

دہشت گردی کے ان سہولت کاروں میں سے ایک خیبر پختونخوا میں نااہل اور لاتعلق حکومت بھی تھی خیبر پختونخوا میں کوئی شخص انسداد دہشتگردی آپریشنز کے خلاف نہیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری



وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک پریس کانفرنس کر رہے ہیں جبکہ وزیر اطلاعات بھی موجود ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا کہنا ہے کہ دہشت گردی کے ان سہولت کاروں میں سے ایک خیبر پختونخوا میں نااہل اور لاتعلق حکومت بھی تھی، صوبے میں ایک سہولت کار جو انسداد دہشت گردی میں رکاوٹ پیدا کر رہا تھا وہ اب وہاں موجود نہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کو انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں پر واضح کیا کہ ہمارے پاس دہشت گردی سے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر1)

عالم اسلام اختلافات بھلا کر متحد ہو جائے، لیاقت بلوچ

مکہ اور مدینہ ہماری ریڈ لائن، حفاظت کیلئے پوری امت مسلمہ ایک ہے، قائم مقام امیر جماعت اسلامی

مریدکے (سٹاف رپورٹر) قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ عالم اسلام اختلافات چھوڑ کر ایک ہو جائیں کیونکہ عالم کفر پوری تیاری اور سازشوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر2)

امریکا کا یوکرین کے راستے یورپ کو روسی گیس کی فراہمی بحال کرنے پر زور

واشنگٹن (سٹاف رپورٹر) امریکا نے یوکرین سے گزرنے والی پائپ لائنوں کے ذریعے یورپ کو روسی قدرتی گیس کی فراہمی جلد بحال کرنے کی حمایت کر دی۔ امریکی اخبار (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر3)

چائنا کمیونسٹ پارٹی کا عوام سے جڑے رہنے کا ماڈل قابلِ تقلید ہے، اسحاق ڈار

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ چائنا کمیونسٹ پارٹی کا عوام سے جڑے رہنے کا ماڈل قابلِ تقلید ہے، چین کی ترقی میں جماعت سازی اور خود احتسابی کا اہم کردار ہے

دورۂ پاکستان پر چینی وزیر کا خیر مقدم کرتے ہیں، چینی صدر شی جن پنگ کی بصیرت افروز قیادت کو سراہتے ہیں، پاکستان اور چین سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ منا رہے ہیں

اسلام آباد: (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ چائنا کمیونسٹ پارٹی کا عوام سے جڑے رہنے کا ماڈل قابلِ تقلید ہے، چین کی ترقی میں جماعت سازی اور خود احتسابی کا اہم کردار ہے چینی کی کمیونسٹ پارٹی کے وزیر لیو ہائی شنگ کے ہمراہ خطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ دورۂ پاکستان پر چینی وزیر کا خیر مقدم کرتے ہیں، چینی صدر شی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر4)

عوام کو 15 روپے لیٹر سستا پٹرول فراہم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، علی پرویز

وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا کہ عوام کو ریلیف دینے کے لیے آئل ریفائنریز کے تعاون سے 15 روپے فی لیٹر سستا پٹرول فراہم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

علی پرویز ملک کا کہنا تھا کہ خطے کی صورتحال کے باعث پاکستان کو معاشی اور توانائی کے شعبوں میں مشکلات کا سامنا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا کہ عوام کو ریلیف دینے کے لیے آئل ریفائنریز کے تعاون سے 15 روپے فی لیٹر سستا پٹرول فراہم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے علی پرویز ملک کا کہنا تھا کہ خطے کی صورتحال کے باعث پاکستان کو معاشی اور توانائی کے شعبوں میں مشکلات کا سامنا ہے۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر5)

شہباز شریف، فیلڈ مارشل کی قیادت میں پاکستان کو بحران سے نکالنے کی کوششیں کامیاب ہوئیں، رانا تنویر حسین

مریدکے (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر فوڈ سیکورٹی ریسرچ رانا تنویر حسین (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر9)

لوکل گورنمنٹ انتخابات اسلام آباد کے انعقاد کے حوالے سے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کو بریفنگ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) لوکل گورنمنٹ انتخابات اسلام آباد کے انعقاد (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر10)

بلوچستان میں 1 لاکھ 38 ہزار سے زائد مشتبہ شناختی کارڈز بلاک

لاہور (سٹاف رپورٹر) نک ٹاکر عائشہ جٹ سے مبینہ زیادتی کے الزام میں رجب بٹ اور دیگر ملزمان کی بریت کی درخواست پر محفوظ فیصلہ آج (پیر) کے روز سنایا جائے گا۔ ایڈیشنل (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر11)

وزیراعظم شہباز شریف کی ترجیحی شعبوں کو قرضوں کی فراہمی تیز کرنے کی ہدایت، سست روی اختیار کرنے والے بینکوں کو رعایت نہ دینے کا حکم جاری کیا گیا

نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، وزیراعظم

وزیراعظم کا اپنا گھر سکیم کے ذریعے ہاؤسنگ اور تعمیراتی صنعتوں کو فروغ دینے کا عزم، نجی شعبے کی ترقی میں بینکوں کا کردار اہم قرار

زراعت ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی، زرعی اجناس کی ویلیو ایڈیشن سے برآمدات بڑھانے اور نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح قرار



لاہور: صوبائی وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ترجیحی شعبوں کو قرضوں کی فراہمی میں سہولت پر جائزہ اجلاس ہوا جس دوران وزیراعظم نے صارفین کو قرضوں کی فراہمی میں سست روی اختیار کرنے والے بینکس کے ساتھ سٹیٹ بینک اور وزارت خزانہ کی طرف سے کسی قسم کی رعایت نہ برتنے کی ہدایت کر دی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ نجی شعبے کی ترقی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر12)

بیرسٹر سیف کے دعوے مسترد، بانی سے ملاقات کی ہر طریقے سے کوشش کی، بیرسٹر گوہر

تمام کوششوں کے باوجود ہمیں ایک بھی ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی جبکہ مذاکرات کیلئے خان تک رسائی شرائط میں سے ایک تھی، گفتگو

پشاور (سٹاف رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے بیرسٹر سیف کے دعوؤں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام کوششوں کے باوجود ہمیں ایک بھی ملاقات کی اجازت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر13)



لاہور: صوبائی وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین و اسا پنجاب کے ایم ڈیز سے بذریعہ ویڈیو لنک جاری منصوبوں بارے بریفنگ لے رہے ہیں۔

ہنگو، گھر میں فائرنگ 2 خواتین اور 3 بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق

ہنگو کے علاقے سروخیل میں گھر کے اندر فائرنگ کے نتیجے میں 6 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ڈی پی او صلاح الدین کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں 2 خواتین اور 3 بچے بھی شامل ہیں

واضح رہے کہ اس سے قبل ہنگو کے علاقے توغسرائے میں تلخ کلامی پر فائرنگ کے واقعے کی خبر سامنے آئی تھی۔ ہنگو پولیس کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوا تھا

ہنگو (سٹاف رپورٹر) ہنگو کے علاقے سروخیل میں گھر کے اندر فائرنگ کے نتیجے میں 6 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ڈی پی او صلاح الدین کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں 2 خواتین اور 3 بچے بھی شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق لاشوں کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، واقعہ کی تحقیقات جاری ہیں۔ واضح رہے کہ اس سے قبل ہنگو کے علاقے توغسرائے میں تلخ کلامی پر فائرنگ کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر14)

پاکستان موجودہ یورو بانڈ قرض کی ٹوکنائزیشن پر غور کر رہا ہے، وزیر خزانہ

بینکوں کو سائبر سکیورٹی نظام موثر بنانے اور ایس بی پی سے مل کر ابھرتے خطرات سے نمٹنے بارے اقدامات کرنا ہوں گے، وزیر خزانہ

رواں مالی سال ترسیلات زر 44 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع ہے، بینکوں کو اپنے سائبر سکیورٹی نظام کو موثر بنانے اور سٹیٹ بینک کے ساتھ مل کر ابھرتے خطرات سے نمٹنے کے لیے اقدامات کرنا ہوں گے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اپنے موجودہ یورو بانڈ قرضوں کی ٹوکنائزیشن کا جائزہ لے رہا ہے، مشاورت جاری ہے، رواں مالی سال ترسیلات زر 44 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع ہے، بینکوں کو اپنے سائبر سکیورٹی نظام کو موثر بنانے اور سٹیٹ بینک کے ساتھ مل کر ابھرتے خطرات سے نمٹنے کے لیے اقدامات (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر15)



کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے ورلڈ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر بولور ما امگبازار کی سربراہی میں وفد ملاقات کر رہا ہے۔

ٹریفک چالان جمع نہ کروانے والے ڈیفالٹرز کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز، عدالتی سمن جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) ٹریفک چالان جمع کروانے کے بجائے نیا شناختی کارڈ یا ڈرائیونگ لائسنس بنوانے والے ڈیفالٹر شہریوں کے خلاف کارروائی شروع کر دی گئی۔ ٹریفک پولیس نے زیر التواء ڈیجیٹل چالان جمع نہ کروانے والوں کو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر16)

عدالت میں پیشی پر آئے ملزمان پر مدعی پارٹی کا حملہ، ایک ملزم بے ہوش

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیشن کورٹ میں پیشی پر آئے ملزمان پر کمرہ عدالت میں مدعی پارٹی نے حملہ کر دیا، تشدد کے نتیجے میں ملزم عامر بے ہوش ہو گیا۔ ملزمان عبوری ضمانت کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر17)

لاہور کی فضا خطرناک حد تک آلودہ، ایئر کوالٹی انڈیکس 500 سے تجاوز کر گیا

علامہ اقبال ٹاؤن سب سے زیادہ متاثرہ علاقہ رہا، جہاں ایئر کوالٹی انڈیکس 912 ریکارڈ کیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں سرفہرست آ گیا۔ فضائی آلودگی کے حوالے سے علامہ اقبال ٹاؤن سب سے زیادہ متاثرہ علاقہ رہا، جہاں ایئر کوالٹی انڈیکس 912 ریکارڈ کیا گیا، برکی روڈ پر 698، گلبرگ میں 619، ڈی ایچ اے فیز 5 میں 569 جبکہ ماڈل ٹاؤن میں اے کیو آئی 471 ریکارڈ کیا گیا ہے۔ فضائی آلودگی کی اس تشویشناک صورتحال نے شہریوں کی صحت کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ ماہرین (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر25)

عدالتیں بے بس ہیں، انصاف نہیں دے سکتیں، سلمان اکرم راجہ

انگریز کے بنائے ہوئے کالے قوانین استعمال کر کے شہری آزادیاں سلب کی جا رہی ہیں، جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ آج عدالتیں بے بس ہیں، جو انصاف بھی نہیں دے سکتیں۔ لاہور ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ علیمہ خان اور ان کے ڈرائیور کو پہلے گرفتار کیا گیا، جس کے بعد نظر بندی کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک ڈرائیور جو مزدوری پر تھا، اسے بھی گرفتار کر لیا گیا۔ آج میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ عدالتیں ملاقات بھی نہیں کرا سکتیں۔ کسی کو بھی کسی وقت اٹھایا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر24)



لاہور: سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

دیہی خواتین کیلئے ٹیکسٹائل ٹریننگ کا بے مثال پروگرام ''شی تھریڈ'' منصوبہ تیار کر لیا گیا

مریم نواز کے ''شی تھریڈ'' پروگرام کے ذریعے 1150 دیہی خواتین برسر روزگار ہو جائیں گی، ماہانہ 15 ہزار روپے وظیفہ بھی ملے گا

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے دیہی خواتین کیلئے ٹیکسٹائل ٹریننگ کا بے مثال پروگرام ''شی تھریڈ'' منصوبہ تیار کر لیا ہے، وزیر اعلیٰ مریم نواز کے ''شی تھریڈ'' پروگرام کے ذریعے 1150 دیہی خواتین ٹیکسٹائل ٹریننگ کر کے برسر روزگار ہو جائیں گی، مریم نواز نے جون تک 2500 دیہی خواتین کی ٹیکسٹائل ٹریننگ کا ہدف مقرر کر دیا، پروگرام کے تحت گاؤں کی خواتین کو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر23)

انسٹاگرام کی دوستی شادی میں تبدیل، اطالوی لڑکی پاکستان پہنچ گئی

اطالوی دلہن لاہور ایئرپورٹ پہنچی تو دولہا نبیل اعوان کے اہلخانہ نے اسکا پرتپاک استقبال کیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) انسٹاگرام کی دوستی شادی میں تبدیل ہو کر اطالوی دلہن محبت کی خاطر پاکستان پہنچ گئی۔ چھ سال قبل انسٹاگرام پر ہونے والی دوستی محبت میں تبدیل ہو گئی، اطالوی دلہن لاہور ایئرپورٹ پہنچی تو دولہا نبیل اعوان کے اہلخانہ نے اسکا پرتپاک استقبال کیا۔ دونوں خاندانوں کی رضامندی اور قانونی تقاضے پورے ہونے کے بعد شادی کی تقریب منعقد ہوئی جبکہ کلر کہار کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر22)

قلعہ عبداللہ، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 3 افراد جاں بحق

مسلح افراد 2 افراد کو اغوا کر کے لے گئے، پولیس، لواحقین کا لاشیں سڑک پر رکھ کر احتجاج، ملزمان کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

قلعہ عبداللہ (سٹاف رپورٹر) قلعہ عبداللہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق اور 3 زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق مسلح افراد 2 افراد کو اغوا کر کے لے گئے۔ لواحقین نے لاشیں سڑک پر رکھ کر احتجاج کیا اور ملزمان کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔ احتجاج کے باعث (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر21)

محکمہ ایکسائز لاہور میں 4 ہزار سے زائد گاڑیاں بغیر مالکان کے ٹرانسفر، مالکان بھی لاعلم نکلے

لاہور (سٹاف رپورٹر) محکمہ ایکسائز لاہور میں گاڑیوں کی غیر قانونی منتقلی کا بڑا معاملہ سامنے آ گیا، جہاں ساڑھے 4 ہزار سے زائد گاڑیاں مالکان کی بائیومیٹرک تصدیق کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر19)



مرید کے: سماجی تنظیم کی طرف سے مستحق گھرانوں کی 66 بیٹیوں کی اجتماعی شادیوں کی تقریب میں دلہنوں کی سلامی دی جا رہی ہے۔

حق سچ کی آواز اٹھانے والے صحافیوں پر ظلم و تشدد بند ہونا چاہیے، مریم نواز

حق اور سچ کی راہ پر چلنے والے صحافیوں کے ساتھ ہیں، ان کے حقوق کا تحفظ کریں گے، عالمی دن پر پیغام

صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان، سچائی کے علمبردار ہیں، حق اور سچ کی راہ پر چلنے والے صحافیوں کے ساتھ ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ حق سچ کی آواز اٹھانے والے صحافیوں پر ظلم و تشدد بند ہونا چاہیے۔ صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان، سچائی کے علمبردار ہیں، حق اور سچ کی راہ پر چلنے والے صحافیوں کے ساتھ ہیں اور ان کے حقوق کا تحفظ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ حق سچ کی آواز اٹھانے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر18)

لاہور ہائیکورٹ کا ڈیلی ویجز ملازمین کے حق میں بڑا فیصلہ، مستقل

پنجاب کی ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹیز کے اہل ڈیلی ویجز ملازمین کو مستقل نہ کرنے سے متعلق پنجاب حکومت کا فیصلہ غیر قانونی، کالعدم قرار

جسٹس خالد اسحاق کا محمد بلال رضا و دیگر کی درخواستوں سمیت ملازمین کی 26 آئینی درخواستوں پر 26 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے ڈیلی ویجز ملازمین کے حق میں اہم فیصلہ کرتے ہوئے اہل ڈیلی ویجز، ورک چارجڈ اور کنٹیجنٹ پیڈ ملازمین کو مستقل نہ کرنے سے متعلق پنجاب حکومت کا فیصلہ غیر قانونی قرار دیکر کالعدم قرار دیدیا جبکہ پنجاب کی ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹیز میں کام کرنے والے اہل ملازمین کو مستقل ورکرز کا قانونی درجہ دیدیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس خالد اسحاق (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر20)

کراچی: میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب صدر دفتر بلدیہ عظمیٰ کراچی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

فوری ضرورت ہے

دنیا بھر سے | ملک بھر سے

AOM NEWS TV CHANNEL برخبر سب تک

International Media Forum

Awami Mohabbat روزنامہ عوامی محبت

بیورو چیف | ڈپٹی بیورو چیف | ڈسٹرکٹ رپورٹر | کرائم رپورٹر

سٹی رپورٹر | نیوز ایجنسی | انٹرنیشنل کوارڈینیٹر

صرف سنجیدہ افراد کیلئے | میل اور فی میل

ڈیجیٹل پرنٹنگ کے لیے رابطہ کریں۔

رابطہ کریں

042-35950333, 0304-2198241, 0322-8077033, 0321-6462430

Awami_mohabbat@yahoo.com info.awamimohabbat@gmail.com

www.amanimohabbat.com



سٹی نیوز





قصور: ضلع قصور کے کالجز میں وزیراعظم کی قومی خواندگی مہم "ایچ ون ٹیچ ون" کے تحت تربیتی سرگرمیاں جاری ہیں

ضلع قصور کے کالجز میں وزیراعظم کی قومی خواندگی مہم ''ایچ ون ٹیچ ون'' کا آغاز

گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین بستی برات شاہ میں طالبات کے لیے خصوصی اورینٹیشن سیشن

قصور(بیورو رپورٹ)وزیراعظم کی قومی خواندگی مہم کے تحت نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ (این سی ایچ ڈی) قصور کی جانب سے ضلع بھر کے کالجز میں ''ایچ ون ٹیچ ون''(Each One Teach One) پروگرام کے فروغ کے لیے آگاہی اور تربیتی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔اس سلسلے میں ڈپٹی ڈائریکٹر این سی ایچ ڈی قصور شکیل احمد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر حافظ محمد ذوالفقار اور فیلڈ آفیسرز ریاض احمد اور سید علی نے گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین، بستی برات شاہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کالج کی پرنسپل محترمہ اسماء قدوس، وائس پرنسپل اور پروگرام کی فوکل پرسن محترمہ زنیرا بشیر سے ملاقات کی اور قومی خواندگی مہم کے فروغ کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔کالج انتظامیہ اور پروگرام کی فوکل پرسن کے تعاون سے بی ایس کی طالبات کے لیے خصوصی اورینٹیشن سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں طالبات کو ''ایچ ون ٹیچ ون'' پروگرام کے اغراض ومقاصد، طریقہ کار اور ناخواندگی کے خاتمے میں ان کے عملی کردار سے آگاہ کیا گیا۔طالبات نے پروگرام میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے قومی مہم میں بھرپور شرکت اور تعاون کی یقین دہانی کروائی۔اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر NCHD قصور شکیل احمد نے کہا کہ وزیراعظم کی قومی خواندگی مہم کا بنیادی مقصد معاشرے کے ہر تعلیم یافتہ فرد کو کم از کم ایک ناخواندہ شخص کو بنیادی تعلیم فراہم کرنے کے لیے متحرک کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ تعلیم یافتہ نوجوان بالخصوص طالبات اس قومی مشن میں مؤثر کردار ادا کرسکتی ہیں اور ان کی انفرادی کاوشیں اجتماعی طور پر ناخواندگی کے خاتمے اور شرحِ خواندگی میں اضافے کا ذریعہ بن سکتی ہیں۔انہوں نے کالج پرنسپل، انتظامیہ اور فوکل پرسن کے تعاون کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع قصور کے تعلیمی اداروں میں اس پروگرام کے فروغ کے لیے آگاہی سرگرمیوں کا سلسلہ مزید مؤثر انداز میں جاری رکھا جائے گا۔

پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کی انضباطی کمیٹی کا اجلاس، رانا اشعر نثار متفقہ طور پر کمیٹی کے سیکرٹری منتخب

انضباطی کمیٹی فیصلے چہرہ یا عہدہ دیکھ کر نہیں بلکہ میرٹ اور اصولوں کی بنیاد پر کریگی، کنوینر شہزاد سعید چیمہ

لاہور(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کی انضباطی کمیٹی کا پہلا اجلاس کنوینر شہزاد سعید چیمہ کی زیرِ صدارت پیپلز سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں منعقد ہوا، جس میں رانا اشعر نثار کو متفقہ طور پر کمیٹی کا سیکرٹری منتخب کر لیا گیا۔اجلاس میں فاروق یوسف گھرکی، عابد صدیقی، منیبہ انیس، عمر شریف بخاری اور ڈاکٹر رضوان بھائیو نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کمیٹی کے ارکان کو انضباطی کمیٹی کے قواعد و ضوابط اور ٹی او آرز کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔اس موقع پر کنوینر شہزاد سعید چیمہ نے کہا کہ انضباطی کمیٹی اپنے فیصلے کسی کا چہرہ یا عہدہ دیکھ کر نہیں بلکہ میرٹ اور اصولوں کی بنیاد پر کرے گی۔کمیٹی تمام معاملات میں غیر جانبداری کو یقینی بنائے گی اور کسی قسم کی جانبداری یا دبا کو خاطر میں نہیں لایا جائے گا۔شہزاد سعید چیمہ نے مزید کہا کہ کمیٹی کی کارروائی کو مکمل طور پر خفیہ رکھا جائے گا



لاہور،شہری ٹرینوں کی آمدورفت کیلئے بند ٹریک پر بیٹھ کر خوش گپیوں میں مصروف ہیں

قومی معاملات پر ذمہ داری اور سنجیدگی کا مظاہرہ کیا جانا چاہیے'مرزا محمد جاوید

قومی اتحاد، خوداعتمادی اور مضبوط موقف سے بڑے چیلنجز کا مقابلہ ممکن ہے' سابق رکن پنجاب اسمبلی

رائے ونڈ (این این آئی)مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق رکن پنجاب اسمبلی مرزا محمد جاوید نے کہا ہے کہ آج یہ امر باعثِ فخر ہے کہ پاکستان عالمی سطح پر ایک نمایاں مقام حاصل کر چکا ہے، معرکہ حق میں کامیابی کے بعد وطن عزیز کو سفارتی محاذ پر بھی نمایاں پذیرائی ملی ہے اور پاکستان کا عالمی تشخص مزید مستحکم ہوا ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں پاکستان نے اپنی صلاحیتوں، قومی اتحاد اور عزم کے ذریعے دنیا کو اپنی اہمیت کا احساس دلایا ہے۔ہم نے اسلامی دنیا کو ایک نئی راہ دکھائی ہے اور ثابت کیا ہے کہ اتحاد، خوداعتمادی اور مضبوط قومی مقف کے ذریعے بڑے چیلنجز کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔



لاہور،شہری انارکلی چوک میں گھریلو استعمال کی پرانی اشیاء کی خریداری کررہے ہیں

لاہور سمیت مختلف شہروں میں خواتین کو بلیک میل اور ہراساں کرنیوالے 3ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے ہراسانی کیلئے استعمال ہونیوالے موبائل فونز اور متاثرہ خواتین کا نجی ڈیٹا برآمد کرلیا گیا

لاہور(این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے خواتین کو بلیک میل اور ہراساں کرنے کے الزام میں 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔این سی سی آئی اے نے لاہور کے علاقے انجینئرنگ ٹاؤن سے عارف والا کے رہائشی ایک ملزم کو گرفتار کیا۔ دوسرا ملزم ملتان کی خاتون کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل کرکے ان کی ساکھ متاثر کرنے کے الزام میں لاہور سے گرفتار کیا گیا۔کارروائی کے دوران وہاڑی کی ایک خاتون کو واٹس ایپ پر دھمکیاں دینے والا تیسرا ملزم فیصل آباد ٹول پلازہ کے قریب سے گرفتار کیا گیا۔این سی سی آئی اے کے مطابق تینوں ملزمان کے قبضے سے ہراسانی کے لیے استعمال ہونے والے موبائل فونز اور متاثرہ خواتین کا نجی ڈیٹا برآمد کرلیا گیا ہے۔ایجنسی نے تینوں ملزمان کے موبائل فونز تحویل میں لے کر مزید تفتیش شروع کردی ہے۔

99ہزار 590ارب کے قرضے،سود کی ادائیگی سے معیشت پر دباؤ بڑھ رہا ہے،ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ

سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ٹیکس ایمنسٹی وقت کی ضرورت ہے، چیئرمین، حبیب الرحمن

لاہور(این این آئی) ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ کے چیئرمین قاری حبیب الرحمن زبیری نے کہا ہے کہ پاکستان کے مجموعی قرضے اور واجبات تقریباً 99ہزار 590ارب روپے تک پہنچ چکے ہیں، قرضے اور ان پر بھاری سود کی ادائیگیاں ملکی معیشت پر مسلسل دباؤ ڈال رہی ہیں۔ٹیکس نظام کے موضوع پر منعقدہ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹیکس آمدن بڑھانے کے باوجود قرضوں کا بوجھ کم نہیں ہو رہا، بلند ٹیکس ریٹس سے کاروباری سرگرمیاں متاثر اور معیشت سکڑ رہی ہے۔اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو آنے والی نسلیں بھی قرضوں کی دلدل میں پھنسی رہیں گی۔انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ غیر ضروری اخراجات، ٹیکسوں کی شرح میں کمی اور ٹیکس نیٹ وسیع کیا جائے۔ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے موثر ٹیکس ایمنسٹی اسکیم متعارف کرائی جائے تاکہ معیشت کو مستحکم اور قرضوں پر انحصار کم کیا جاسکے۔

گندم کی کاشت کا وقت آ گیا، کاشتکار بھرپور تیاری کریں، ایم ڈی پنجاب سیڈ کارپوریشن

بہتر پیداوار کے حصول کیلئے کاشتکار بروقت کاشت کیساتھ تصدیق شدہ، معیاری بیج کا استعمال یقینی بنائیں

لاہور(این این آئی) مینیجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن ڈاکٹر فرحان فاروق نے کاشتکاروں پر زور دیا ہے کہ وہ گندم کی آئندہ فصل کی کاشت کے لیے بھرپور تیاری کریں اور زیادہ سے زیادہ رقبے پر گندم کاشت کریں، حکومت کی جانب سے گندم کی امدادی قیمت 4500روپے فی من مقرر کرنا کاشتکاروں کے لیے ایک مناسب سہولت ہے جس سے انہیں اپنی فصل کی بہتر قیمت حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ گندم کی بہتر پیداوار کے لیے کاشتکار بروقت کاشت کے ساتھ تصدیق شدہ اور معیاری بیج کا استعمال یقینی بنائیں تاکہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیا جاسکے۔ڈاکٹر فرحان فاروق نے کہا کہ معیاری بیج کا انتخاب اچھی فصل کے حصول میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے اس لیے کاشتکار بیج کی خریداری کے وقت اس کے تصدیق شدہ ہونے کا خاص خیال رکھیں۔انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب سیڈ کارپوریشن کاشتکاروں کو معیاری اور تصدیق شدہ گندم کے بیج کی زیادہ سے زیادہ فراہمی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کررہی ہے



لاہور،شہری تعطیل کے روز مرکزی سبزی منڈی میں خریداری کررہے ہیں



نمازوں کے اوقات

نماز فجر	5:30
نماز ظہر	1:15
نماز عصر	4:00
نماز مغرب	غروب آفتاب
نماز عشاء	7:00

شکایت سیل اور سنٹرز

وزیراعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213100
پولیس شکایات	99202977
واپڈا شکایات سنٹر	111000118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

کلب اینڈ ہوٹل

پی سی	111-505-505
آواری	111-282-747
کراؤن پلازہ	111-806-111
رائل پام	111-602-602
سن فورٹ	35763813
ہالیڈے ان	36310077
ایمبیسیڈر	36316821
لاہور جم خانہ	35756692-2
گیریژن گنٹری کلب	36660016
پنجاب کلب	36362138
لاہور پریس کلب	36364792

ایمرجنسی نمبرز

ایمرجنسی کنٹرول	115
پولیس	15
ریلوے پولیس ہیلپ سنٹر	1333
فائر بریگیڈ	16
پی آئی اے انکوائری	114
ریسکیو فورس	1122
ریلوے انکوائری	117
ایم ڈسپنسری	99212111
سروسز ہسپتال	99203402-25
میو ہسپتال	99211100-9
جنرل ہسپتال	35810891-5
فاطمید بلڈ بنک	35863950
جناح ہسپتال	11-809809
پنجاب کارڈیالوجی	99203051-6

باغ جناح میں ڈائنوسار سے بھی قدیم نسل کے ساگو پام درخت پر نئے پتے نکل آئے

لاہور(این این آئی) باغ جناح میں 176 سال پرانا کوئین ساگو پام درخت پوری طرح پتوں سے بھر گیا ہے۔ پنجاب ہارٹی کلچر اتھارٹی کے ترجمان کے مطابق یہ پودا ایک ایسی نباتاتی نسل سے تعلق رکھتا ہے جو ڈائنوسارز سے بھی قدیم ہے۔یہ پودا تاریخی باغِ جناح سے بھی پرانا ہے جو 1860 کی دہائی میں نباتاتی باغ اور تفریح گاہ کے طور پر بنایا گیا تھا۔ترجمان نے بتایا کہ یہ باغ لندن کے کیو گارڈنز کی طرز پر بنایا گیا تھا۔کوئین ساگو پام درخت سائیکیڈز کی قسم ہے جو بیج دار پودوں کا قدیم گروہ ہے۔اس کا فوسل ریکارڈ تقریبا 28 سے 30 کروڑ سال پرانے پرمین دور تک جاتا ہے۔

مہنگائی قابو میں نہ آئی تو فرانس جیسا عوامی ردعمل سامنے آسکتا ہے، چودھری سرور

لاہور(این این آئی) سابق گورنر پنجاب چودھری محمد سرور نے کہا ہے کہ اگر پاکستان میں بجلی اور پیٹرول کی قیمتوں کو عوام کی قوت خرید کے مطابق لانے اور مزدور اور محنت کش طبقے کے معاشی مسائل حل کرنے پر سنجیدہ توجہ نہ دی گئی تو یہاں بھی فرانس جیسے حالات پیدا ہو سکتے ہیں، حکومت کو چاہیے کہ عوامی بے چینی بڑھنے کا انتظار کرنے کے بجائے بروقت معاشی ریلیف اور افہام و تفہیم کا جمہوری راستہ اختیار کرے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ فرانس میں ایندھن کی بڑھتی قیمتوں، معیار زندگی اور تعلیمی مسائل پر احتجاج اس امر کی یاددہانی ہے کہ معاشی دباؤ اور عوامی شکایات کو نظرانداز کرنا سنگین مشکلات پیدا کرسکتا ہے۔

خاندانی ناچاکیوں، طلاق، معاشرتی متشددانہ رویوں کی روک تھام کیلئے کونسل سے منسلک دارالصلح قائم کرنیکا فیصلہ

لاہور(این این آئی) پاکستان علماء کونسل کی مرکزی مجلس شوریٰ و عاملہ کے اجلاس میں ملکی و عالمی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے انتہا پسندی کے خاتمے، بین المسالک ہم آہنگی اور قومی اتحاد کے لیے ملک گیر علما و مشائخ کنونشنز کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا، بڑھتی ہوئی خاندانی ناچاکیوں، طلاق اور معاشرتی متشددانہ رویوں کی روک تھام کے لیے کونسل سے منسلک تمام مساجد میں دارالصلح قائم کرنے کا تاریخی اقدام بھی عمل میں لایا گیا۔مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور سعودی عرب پر حوثی دہشت گردوں کے حملوں کی شدید مذمت کی گئی

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور(این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 27 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 65ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 8ہزار 600 کیوسک اور اخراج 8ہزار 600 کیوسک، خیرآباد پل آمد 38ہزار 200 کیوسک اور اخراج 38ہزار 200 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 6ہزار 300 کیوسک اور اخراج 16ہزار 800 کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 8ہزار 200 کیوسک اور اخراج 2ہزار 400 کیوسک رہا۔

سیاسی و معاشی استحکام کیلئے قومی اتحاد، قانون کی بالادستی ناگزیر ہے، پنجاب بار کونسل

سیاسی جماعتیں ملکی مفادات کو ترجیح دیں، وکلاء کی فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے، وائس چیئرمین قیصر نذیر ساہی

لاہور(این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چودھری قیصر نذیر ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی چودھری ارشد علی ہنجرا نے کہا ہے کہ ملک کو موجودہ سیاسی و معاشی چیلنجز سے نکالنے کے لیے قومی یکجہتی، مضبوط اتحاد اور باہمی ہم آہنگی کی اشد ضرورت ہے، سیاسی جماعتیں ذاتی اور جماعتی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی مفادات کو ترجیح دیں اور ملک کی ترقی و استحکام کے لیے مشترکہ کردار ادا کریں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں محاذ آرائی اور تقسیم کے بجائے مفاہمت، برداشت اور قومی سوچ کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پاکستان کی ترقی کے لیے سیاسی و معاشی استحکام، آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور بلاامتیاز انصاف کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی۔انہوں نے کہا کہ مہنگائی، بجلی و گیس کے بڑھتے اخراجات اور عوام کو درپیش معاشی مشکلات کے خاتمے کے لیے حکومت اور تمام قومی اداروں کو سنجیدہ اقدامات کرنا ہوں گے۔ نظام انصاف میں بہتری، مقدمات کے بروقت فیصلوں اور سائلین کو فوری انصاف کی فراہمی پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ وکلاء برادری آئین و قانون کی بالادستی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ میں کلیدی کردار ادا کررہی ہے اس لیے وکلاء کو معاشی اور پیشہ ورانہ تحفظ فراہم کرنا ضروری ہے۔



لاہور،ٹولنٹن مارکیٹ کے باہر پالتو جانور فروخت کئے جارہے ہیں

ملک کی معاشی ترقی، استحکام کیلئے سیاسی و عسکری قیادت ایک پیج پر ہے'ملک افضل کھوکھر

ملکی معیشت کا استحکام حکومت کی اولین ترجیح، عوام کو ریلیف دینے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں

رائے ونڈ (این این آئی)مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے سیاسی اور عسکری قیادت نے مل کر شبانہ روز محنت کی ہے، قومی مفادات کے تحفظ اور ملک کو معاشی عدم استحکام سے بچانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جارہے ہیں۔انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ غریب اور متوسط طبقے کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، عوام کو درپیش معاشی مشکلات میں کمی لانے اور ان کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام کے لیے سرمایہ کاری کا فروغ، صنعتی و کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ اور ملکی وسائل کا موثر استعمال ضروری ہے۔حکومت معیشت کی بہتری، کاروباری طبقے کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ملک کی ترقی کے لیے قومی اداروں کے درمیان ہم آہنگی، پالیسیوں کا تسلسل اور قومی مفادات کو ترجیح دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ملک افضل کھوکھر نے کہا کہ مہنگائی کے اثرات کم کرنے اور عام آدمی کی مشکلات میں کمی لانے کے لیے عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو اہمیت دی جارہی ہے۔

پیوٹ منصوبہ پنجاب میں صنعتی ومعاشی ترقی کے نئے مواقع پیدا کرے گا'شہزاد نذیر

وزیراعلیٰ مریم نواز کا تین سالہ اکنامک ٹرانسفارمیشن پلان سرمایہ کاری، برآمدات اور روزگار کے فروغ میں اہم کردار ادا کریگا

رائے ونڈ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور چیئرمین پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی چودھری شہزاد نذیر سندھو نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے پنجاب انوویشن فار ویلیو، اپرچونٹی اینڈ ٹرانسفارمیشن (پیوٹ) منصوبے کے اجرا کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ منصوبہ صوبے میں صنعتی، زرعی اور معاشی ترقی کے نئے امکانات پیدا کرے گا۔انہوں نے کہا کہ پیوٹ کے تحت تین سالہ پنجاب اکنامک ٹرانسفارمیشن پلان 2026-29 کا آغاز صوبے کی معیشت کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور سرمایہ کاری کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت ہے۔انہوں نے کہا کہ منصوبے کے ذریعے 10 لاکھ افراد کی زندگیوں میں بہتری، ایک لاکھ 62ہزار اضافی روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور برآمدات میں 6.8ارب ڈالر اضافے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔اس منصوبے کے تحت 906ارب روپے کی نجی سرمایہ کاری متوقع ہے جبکہ صنعتی شعبے کے لیے 753.7ارب روپے مختص کرنے کی تجویز بھی معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں معاون ثابت ہوگی۔

موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے اجتماعی ذمہ داری ناگزیر ہیں، برگد کانفرنس

برگد کانفرنس میں 236 شرکاء کے خطابات میں مشترکہ ماحولیاتی ذمہ داری نبھانے کا عزم

لاہور(این این آئی) صوبائی وزیر فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن سلمٰی بٹ، وائس چانسلر یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور پروفیسر ڈاکٹر عاقف انور چوہدری، ڈپٹی سیکرٹری ای پی اینڈ سی سی ڈی عنبرین لطیف، ڈائریکٹر انسانی حقوق محمد یوسف، علامہ اصغر چشتی، ریورنڈ سیموئل بی میسی، پروفیسر اشوک کمار، ڈاکٹر سعدیہ سالار، شازین سعید، طاہرہ جمیل، عبدالوہاب، رمین مشہود، ابوزر مدھو، اسماء عارف، علیزہ عزیز، آئی کین کی سربراہ رابعہ ڈار، وزیراعظم یوتھ پروگرام کے نمائندگان رضوان انور اور ماہہ جمیل، آبرو فاؤنڈیشن کی حبیبہ شکیل، ایڈپرو کنسلٹنٹس کی اقصیٰ ظہور، پیکیجز میں فیم کیئر ایمبر لیس کی سربراہ مارکیٹنگ ثنا فاطمہ اور ممبر کلائمیٹ ایکشن نیٹ ورک وڈسٹرکٹ ممبر لاہور ہیومن رائٹس گورنمنٹ پنجاب مبارک آفتاب گل نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے اجتماعی ذمہ داری، جامع قیادت اور روزمرہ زندگی میں ماحول دوست طرزِ عمل اپنانا ناگزیر ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے فلاحی تنظیم برگد کے زیر اہتمام یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور، لوئر مال کیمپس کے اشتراک سے منعقدہ دوسری ''انکلوسیو کلائمیٹ ایکشن نیٹ ورک کانفرنس''، ''کلائمیٹ گالا 2026'' سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔



*لاہور: مال روڈ کے قریب مختلف سرکاری محکموں کے دفاتر کیلئے تعمیر کی جانیوالی کثیر المنزلہ عمارت کا منظر

ویزوں کے مسائل کے باوجود 42ویں عالمی نمائش نے توقعات سے زیادہ کامیابیاں سمیٹیں، پی سی ایم ای اے

تین روزہ نمائش میں ہونیوالے برآمدی آرڈرز کے اعداد و شمار مرتب کئے جارہے ہیں، ٹڈیپ کے تعاون کے شکرگزار ہیں

کراچی / لاہور(این این آئی) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین نعیم کھوکھر اور سینئر وائس چیئرمین خواجہ میر مدثر نے لاہور میں منعقد ہونے والی تین روزہ 42ویں عالمی نمائش کے کامیاب انعقاد پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ویزوں کے مسائل کے باوجود عالمی نمائش میں توقعات سے بڑھ کر کامیابیاں ملی ہیں، طے پانے والے برآمدی آرڈرز کے حوالے سے اعداد و شمار مرتب کئے جارہے ہیں، نمائش میں غیر ملکی خریداروں کی بھرپور شرکت انتہائی حوصلہ افزاء ہے، بھرپور تعاون فراہم کرنے پر ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان کے شکرگزار ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے حال ہی میں لاہور میں اختتام پذیر ہونے والی تین روزہ عالمی نمائش کے حوالے سے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں پیٹرن انچیف عبد اللطیف ملک ،کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئرپرسن اعجاز الرحمان ، سینئر مرکزی رہنما ریاض احمد ،عثمان اشرف ،میجر (ر) اختر نذیر، سعید خان، قمر ضیاء، شیخ عامر خالد، کامران رضی، مسز سکندرین ،وسیم مختار اعوان سمیت دیگر بھی شریک تھے۔



لاہور،مرکزی سبزی منڈی میں ایک محنت کش پیاز چھانٹی کررہا ہے

کریانہ مرچنٹ ایسوسی ایشن کے صدر طاہر ثقلین بٹ کی قیادت میں وفد کی صوبائی وزیر سلمیٰ بٹ سے ملاقات

صوبائی وزیر مقرر ہونے پر مبارکباد پیش کی، اصلاحات کیلئے کوششیں جاری رکھوں گی، سلمیٰ بٹ

لاہور(این این آئی) مرکزی کریانہ مرچنٹ ایسوسی ایشن لاہور کے صدر طاہر ثقلین بٹ کی قیادت میں وفد نے سلمیٰ بٹ سے ملاقات کر کے انہیں صوبائی وزیر مقرر ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔وفد میں نائب صدور چوہدری نواز، ملک وسیم ، جنرل سیکرٹری مقصود الرحمن بھٹی، حاجی مون ، ذیشان غفوری، چوہدری لیاقت اور محمد عرفان شامل تھے۔اس موقع پر طاہر ثقلین بٹ نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف نے سلمیٰ بٹ کو ان کی بہترین کارکردگی اور صلاحیتوں کی بنیاد پر اہم ذمہ داری سونپی ہے۔

پنجاب بھر میں 1404ٹریفک حادثات میں 17افراد جاں بحق 1643زخمی

لاہور(این این آئی)ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1404ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 742افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی وتحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 901معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (78فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔

بیکری آئٹمز بنانے والی فیکٹری میں سلنڈر دھماکے میں ایک شخص جاں بحق، 8زخمی

لاہور(این این آئی)صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقے گلبرگ میں بیکری آئٹمز بنانے والی فیکٹری میں گیس لیکیج کے باعث سلنڈر دھماکے میں ایک ورکر جاں بحق اور 8 افراد زخمی ہو گئے۔ بتایا گیا ہے کہ دھماکہ اتنا شدید تھا کہ اس سے اردگرد کی عمارتیں لرز اٹھیں اور فیکٹری کی پہلی منزل کا کچھ حصہ منہدم ہو گیا۔ریسکیو 1122 کے مطابق گورو مانگٹ روڈ گلبرگ پر واقع فیکٹری کے بیکنگ ایریا میں گیس اخراج کے باعث دھماکا ہوا اور آگ بھڑک اٹھی۔سلنڈر دھماکہ فیکٹری کی پہلی منزل پر ہوا جہاں حادثے کے وقت تقریباً 40 سے زائد ورکرز کام کر رہے تھے۔

شالیمار پولیس کی کامیاب کارروائی، 6سالہ بچے سے بدفعلی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور(این این آئی)شالیمار پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے 6سالہ بچے سے بدفعلی کی کوشش کرنے والے ملزم گرفتار کرلیا۔پولیس کے مطابق ملزم زوہیب بچے کو بہلا پھسلا کر اپنے گھر لے گیا، ملزم نے بچے کے ساتھ بدفعلی کرنے کی کوشش کی۔شالیمار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم زوہیب کو گرفتار کرلیا۔ملزم زوہیب کے خلاف مقدمہ درج کر کے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کردیا گیا۔

خاتون سے مبینہ زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور(این این آئی)مناواں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خاوند کی عدم موجودگی میں خاتون سے مبینہ زیادتی کی کوشش کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔پولیس کے مطابق ملزم عمران نے خاوند کی عدم موجودگی میں خاتون کے ساتھ مبینہ زیادتی کی کوشش کی خاتون کے شور مچانے پر ملزم موقع سے فرار ہو گیا تھا۔مناواں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم عمران کو گرفتار کرلیا۔ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کردیا گیا۔

اپنا کسان بینک کے اعلان کا خیرمقدم، حکومتی سرپرستی میں گودام بھی تعمیر کئے جائیں، ہمایوں اختر خان

لاہور(این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کسانوں کو مالی سہولتوں کی فراہمی کے لیے اپنا کسان بینک کے اعلان کا خیرمقدم کرتے ہوئے تجویز دی ہے کہ اس منصوبے کو وسعت دے کر حکومتی سرپرستی میں گوداموں کی تعمیر بھی کی جائے تاکہ کسان اچھی قیمت ملنے تک اپنی فصلیں محفوظ رکھ کر مڈل مین کے استحصال سے بچ سکیں، کسانوں کو آسان شرائط پر قرضوں کی فراہمی سے زرعی اخراجات پورے کرنے اور فصلوں کی بہتر پیداوار کے امکانات بڑھ سکتے ہیں۔ہمایوں اختر خان نے حلقہ این اے 97 کے دورے کے دوران علاقہ عمائدین، کسانوں، تاجروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے ملاقاتیں کیں

لاہور، سکیورٹی چیک کرنے کیلئے ڈی آئی جی آپریشنز کا گرجا گھروں کا دورہ

لاہور(این این آئی) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے لاہور کے مختلف گرجا گھروں کا دورہ کیا۔فیصل کامران نے مال روڈ، انارکلی سمیت دیگر علاقوں میں سکیورٹی کا معائنہ کیا۔دعائیہ تقریبات کے موقع پر شہر بھر میں سکیورٹی الرٹ جاری کر دیا گیا۔ڈی آئی جی آپریشنز کی ہدایت پر ہدایت پر گرجا گھروں میں سکیورٹی کے فول پروف انتظامات مکمل کیے گئے۔ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق تمام ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز فیلڈ میں متحرک ہیں۔اس وقت 2475 پولیس افسران و جوان گرجا گھروں کی سکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات کردیے گئے۔ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران خود سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کیلئے فیلڈ میں موجود رہے۔

جعلی نمبر پلیٹس کے خلاف کریک ڈاؤن اسٹریٹ کرائم کی روک تھام میں مددگار ثابت ہو رہا ہے، ڈی آئی جی

لاہور(این این آئی)لاہور پولیس کی جانب سے جعلی نمبر پلیٹس اور شناخت چھپانے والے عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس حوالے سے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران نے آن لائن کھلی کچہری کے دوران فیس بک لائیو کے ذریعے شہریوں سے براہِ راست رابطہ کیا اور پولیس اقدامات سے آگاہ کیا۔ڈی آئی جی آپریشنز نے بتایا کہ جعلی نمبر پلیٹس استعمال کرنے والے جرائم پیشہ عناصر اپنی شناخت چھپا کر وارداتیں کرتے اور فرار ہو جاتے تھے۔ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی اور جرائم کی روک تھام کے لیے لاہور پولیس نے بھرپور کارروائیاں شروع کر رکھی ہیں۔

تیز رفتار موٹر سائیکل بجلی کے پول سے ٹکرا گئی، نوجوان جاں بحق

لاہور(این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں فردوس چوک سے حسین چوک جاتے ہوئے ٹریفک حادثے میں موٹر سائیکل سوار جاں بحق جبکہ اس کا ساتھی زخمی ہوگیا۔پولیس کے مطابق یوٹرن پر موٹر سائیکل بے قابو ہوکر اسٹریٹ لائٹ کے پول سے ٹکرا گئی، حادثے میں عدنان ولد فیاض موقع پر جاں بحق جبکہ اس کا ساتھی عمیر زخمی ہوگیا۔حادثے کے وقت ہیلمٹ ٹکر سے قبل سر سے اتر گیا تھا جس کے باعث عدنان کے سر پر شدید چوٹ آئی۔ریسکیو 1122 نے زخمی عمیر کو سروسز اسپتال منتقل کردیا۔سی ٹی او لاہور نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی سے رپورٹ طلب کرلی۔



مشیر اوقاف، مذہبی واقلیتی امور، زکوۃ وعشر مولانا طیب قریشی محکمہ زکوۃ وعشر کی ذمہ داریاں سنبھال رہے ہیں

مالی سال 2024-25 کی آڈٹ رپورٹ میں اربوں روپے کی مالی بے ضابطگیوں کے انکشافات تشویشناک ہیں، ثمر ہارون بلور

پشاور(عدنان جان سے) مشیر گورنر خیبر پختونخوا برائے اطلاعات وتعلقات عامہ ثمر ہارون بلور نے مالی سال 2024-25 کی آڈٹ رپورٹ میں صوبے کے مالیاتی نظام میں اربوں روپے کی بے ضابطگیوں اور حساباتی خامیوں کے انکشافات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے دورِ حکومت میں صوبائی خزانے سے ہونے والے اربوں روپے کے اخراجات کی مکمل تصدیق نہ ہونا انتہائی تشویشناک ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ آڈٹ رپورٹ کے مطابق 72 ارب 46 کروڑ روپے کے سرکاری اخراجات کی مکمل تصدیق نہیں ہوسکی، جبکہ صوبائی اسمبلی سے منظور شدہ بجٹ کے مقابلے میں 104 ارب 26 کروڑ روپے کے اضافی اندراجات بھی سامنے آئے ہیں، جن کی وضاحت ضروری ہے۔ثمر ہارون بلور نے کہا کہ رپورٹ میں 153 ارب 68 کروڑ روپے کے ترقیاتی اخراجات غلط حساباتی مد میں ظاہر کیے جانے اور پبلک اکاؤنٹ میں 39ارب 58 کروڑ روپے کے منفی بیلنس کی نشاندہی کی گئی ہے، جو مالیاتی نظم وضبط اور شفافیت کے حوالے سے اہم سوالات اٹھاتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ 98 ارب 89 کروڑ روپے کے بیرونی قرضوں کا حساباتی ریکارڈ نامکمل ہے، جبکہ غیر ملکی قرضوں اور ان پر سود کی مد میں 51ارب 85 کروڑ روپے کی ادائیگیوں کی بھی مکمل تصدیق نہیں ہوسکی۔ اسی طرح صوبائی اندرونی قرضوں کا ریکارڈ 2017-18 کے بعد اور وفاقی حکومت سے حاصل کردہ قرضوں کا ریکارڈ 2013-14 کے بعد اپ ڈیٹ نہ ہونا مالیاتی نگرانی کے نظام میں خامیوں کی نشاندہی کرتا ہے۔مشیر گورنر نے کہا کہ ترقیاتی بجٹ میں 20ارب 20 کروڑ روپے کے اضافی اندراجات کے علاوہ صحت، تعلیم، پولیس، شاہراہوں اور دیگر اہم محکموں کے بجٹ میں بھی اربوں روپے کے اضافی اندراجات سامنے آئے ہیں، جن کی وجوہات اور قانونی و مالیاتی جواز واضح ہونا چاہیے۔ثمر ہارون بلور نے کہا کہ عوام کے ٹیکسوں سے حاصل ہونے والا ایک ایک روپیہ قومی امانت ہے اور اس کا مکمل حساب دینا ضروری ہے۔آڈٹ رپورٹ میں سامنے آنے والے تمام اعتراضات کی شفاف اور غیر جانبدارانہ جانچ ہونی چاہیے اور جہاں بے ضابطگیاں ثابت ہوں وہاں ذمہ داروں کا تعین کرکے جوابدہی یقینی بنائی جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ عوامی وسائل کا تحفظ، مالیاتی شفافیت اور ادارہ جاتی جوابدہی کسی بھی ذمہ دار حکومت کے بنیادی تقاضے ہیں، جن پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے



مشیر گورنر خیبر پختونخوا برائے اطلاعات وتعلقات عامہ ومحکمہ ریلیف، بحالی وآبادکاری ثمر ہارون بلور محکمہ ریلیف، بحالی وآبادکاری کا چارج سنبھال رہی ہیں

محکمہ ریلیف، بحالی وآبادکاری کا چارج سنبھالنے کے بعد عوامی ریلیف اور صوبے کی تعمیر نو اولین ترجیح ہوگی، ثمر ہارون بلور

پشاور(عدنان جان سے) مشیر گورنر خیبر پختونخوا برائے اطلاعات وتعلقات عامہ و محکمہ ریلیف، بحالی و آبادکاری ثمر ہارون بلور نے محکمہ ریلیف، بحالی و آبادکاری کا باضابطہ چارج سنبھال لیا ہے۔ انہوں نے اس اہم ذمہ داری پر اعتماد کا اظہار کرنے اور انہیں یہ ذمہ داری سونپنے پر گورنر خیبر پختونخوا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گورنر کی جانب سے ان پر اعتماد کا اظہار اور اہم ذمہ داری سونپنا ان کے لیے باعثِ اعزاز ہے۔اپنے ایک بیان میں ثمر ہارون بلور نے کہا کہ ایک بدلتا، نکھرتا اور مضبوط خیبر پختونخوا ہمارا وژن ہے، جبکہ صوبے کی تعمیرِ نو، بحالی اور عوام کو درپیش مشکلات کا فوری ازالہ ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہوگا۔انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی، دہشت گردی اور قدرتی آفات سے متاثرہ صوبے کی بحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔صوبے میں جہاں بھی کوئی آفت، سانحہ یا ہنگامی صورتحال پیش آئے گی، متاثرہ عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔مشیر گورنر نے کہا کہ قدرتی آفات اور دیگر سانحات سے متاثرہ خاندانوں کی بحالی اور دوبارہ آبادکاری کا عمل کم سے کم وقت میں مکمل کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے تاکہ متاثرین کو مشکلات سے نکال کر دوبارہ معمول کی زندگی کی طرف لایا جاسکے۔



لاہور،صوبائی دارالحکومت لاہور میں سموگ کی وجہ سے فضا ابر آلود ہے

وزراء انتقام کی بجائے اصلاحات پر توجہ دیں، جے یو آئی (س)

بدقسمتی سے ملک میں ہر طرف بدامنی، بیروزگاری، بدحالی، لاقانونیت، افراتفری کا دور دورہ ہے

لاہور(این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین ، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلی مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس اور حافظ محمد فاروق سمیت دیگر رہنماؤں نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ وزراء انتقام کی بجائے اصلاحات پر توجہ دیں، سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کے خلاف بیانات اور ملک میں افراتفری کی صورتحال تشویشناک ہے، بدقسمتی سے ملک میں آج ہر طرف بدامنی ، بیروزگاری ، بدحالی، لاقانونیت، افراتفری کا دور دورہ ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ وزراء نے مذہبی رہنما کے خلاف ناروا زبان استعمال کرکے اپنی سیاسی تربیت کا عملی مظاہرہ کیا۔

ناراض بیوی کو منانے میں ناکامی پر ملزم کا چھریوں سے حملہ، خاتون بچوں سمیت زخمی

ماں کو بچاتے ہوئے بچے زخمی ہوئے، طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کردیا گیا، ملزم گرفتار

لاہور(این این آئی) نشتر کالونی کے علاقے حاکم چوک کے قریب گھریلو تنازعہ پر ایک شخص نے اپنی بیوی اور چار بچوں کو چھریوں کے وار کر کے زخمی کر دیا جبکہ فرار ہونے والے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔پولیس کے مطابق ملزم ارشد اپنی ناراض بیوی کو منانے کے لیے سسرال گیا تھا تاہم بیوی نے اس کے ساتھ واپس جانے سے انکار کر دیا۔اس بات پر ملزم طیش میں آ گیا اور اس نے چھری سے بیوی پر حملہ کردیا۔ماں کو بچانے کے لیے بچے درمیان میں آ گئے جس کے نتیجے میں چار بچے بھی چھریوں کے وار سے زخمی ہو گئے۔زخمیوں میں 40 سالہ زاہدہ بی بی، 22 سالہ بیٹی زہرہ، 15 سالہ مقدس، 18 سالہ بیٹا علی حیدر اور 13 سالہ بیٹا نورشان شامل ہیں۔واقعے میں زخمی ہونے والی خاتون اور بچوں کو طبی امداد کے لیے جنرل ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔پولیس کے مطابق ملزم ارشد واقعے کے بعد فرار ہوگیا جسے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار کرلیا گیا۔

سیاست میں بڑھتی تلخی قومی مسائل میں اضافے کا باعث بن رہی ہے، آل پاکستان انجمن تاجران

ملک کو نئے میثاق کی ضرورت ہے، سیاست کے معتبر نام آگے بڑھ کر کردار ادا کریں'صدر اشرف بھٹی

لاہور(این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے ملک میں سیاسی کشیدگی اور بڑھتی ہوئی تلخی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ محاذ آرائی کی سیاست قومی مسائل میں اضافے کا باعث بن رہی ہے، موجودہ حالات میں سیاسی قیادت کو ذاتی اور جماعتی اختلافات سے بالاتر ہو کر ملکی مفاد کو ترجیح دینا ہوگی۔اشرف بھٹی نے تجویز دی کہ ملک میں سیاسی استحکام، معاشی بہتری اور قومی اتفاق رائے کے لیے نئے میثاق کی تشکیل پر پیشرفت کی جائے۔ سیاست کے معتبر اور سنجیدہ نام آگے آئیں اور تمام سیاسی قوتوں کو مذاکرات کی میز پر لانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ سیاسی درجہ حرارت میں کمی اور باہمی احترام کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کاروباری سرگرمیوں، سرمایہ کاری اور عوامی مسائل کے حل کے لیے پرامن اور مستحکم سیاسی ماحول ناگزیر ہے۔اشرف بھٹی نے زور دیا کہ قومی مفاہمت کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کی راہ ہموار ہوسکے۔



لاہور، کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ لاہور میں ہنرمند کھڈی پر قالین تیار کررہے ہیں

بقیہ جات 1

نمٹنے کے لیے ایک واضح حکمت عملی موجود ہے جس کا ایک حصہ یہ ہے کہ پاکستان کے اندر دہشت گردوں اور ان کے تمام سہولت کاروں کو ختم کرنا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ دہشت گردی سے متعلق کچھ ایسے مسائل بھی ہیں جنہیں ہمیں اندرونی طور پر سنبھالنا ہوگا، خیبر پختونخوا میں کوئی بھی شخص انسداد دہشت گردی کے آپریشنز کے خلاف نہیں ہے، وہی لوگ انسداد دہشت گردی کی مخالفت کرتے ہیں جن کا ان دہشت گردوں سے گٹھ جوڑ ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں کسی بڑے فوجی آپریشن کے بجائے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن ہو رہے ہیں اور سیکیورٹی فورسز روزانہ کی بنیاد پر تقریباً 200 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرتی ہیں۔ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پولیس، فوج اور قانون نافذ کرنے والے دیگر ادارے مشترکہ تعاون سے کرتے ہیں۔ ہم بھارت کی طرح تمام داخلی مسائل کو بیرونی قرار نہیں دیتے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ ہماری ذہنیت بھارت کی طرح نہیں ہے کہ ہم تمام داخلی مسائل کو بیرونی قرار دیں اور ہم یہ نہیں کہتے کہ پاکستان میں تمام دہشت گردی صرف افغانستان کی وجہ سے ہے بلکہ افغانستان وہ بنیادی اڈہ ہے جہاں سے پاکستان میں دہشت گردی ہوتی ہے جہاں دہشت گردوں کی قیادت، ان کے تربیتی کیمپ اور لانچ پیڈز موجود ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کا کسی بھی ملک یا فوج کے پاس وہ تجربہ نہیں جو ہمارے پاس گزشتہ 20 سال سے لڑنے کی وجہ سے ہے، خیبر پختونخوا کے لوگوں نے اس دہشت گردی کی وجہ سے سب سے زیادہ مصائب برداشت کیے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے غیور عوام بہادر ہیں اور پاکستانی معاشرے کا ایک بہت خاص حصہ ہیں، پشتونوں سے بہتر کوئی لوگ نہیں، وہ اپنی روایات پر فخر کرنے والے ہیں، خیبر پختونخوا کے عوام امن واستحکام کا مطالبہ کرتے ہیں اور وہ اس کے مستحق بھی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کے خاتمے سے متعلق سوال ایک سیاسی سوال ہے جس کا جواب سیاستدان ہی بہتر دے سکتے ہیں، البتہ ہم جو سمجھتے اور جانتے ہیں وہ یہ ہے کہ حکومت کی تبدیلی آئینی وقانونی ضوابط کے مطابق ہوئی تھی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ دہشت گرد اپنے آقاؤں کے اشاروں پر بلوچستان کی ترقی اور ترقیاتی منصوبوں کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، بلوچستان میں دہشت گرد نہ صرف مائننگ بلکہ ایل پی جی ٹرکوں، سکولوں اور اساتذہ پر بھی حملے کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد پلوں اور ریلوے لائنوں کو بھی تباہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ معاشی سرگرمیاں معطل ہوسکیں، ہر وہ چیز جو مقامی آبادی کو روزگار اور معاشی قوت فراہم کرے، دہشت گرد اسے نشانہ بناتے ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے کہا کہ بلوچستان کی اشرافیہ عام عوام کو غریب اور ان پڑھ رکھ کر اپنا اثر و رسوخ قائم رکھنا چاہتی ہے، دہشت گرد اور اشرافیہ بلوچ عوام کو غربت اور پسماندگی میں رکھنا چاہتے ہیں تاکہ محرومی کا بیانیہ برقرار رہے، بلوچستان میں دہشت گردوں اور اشرافیہ کا گٹھ جوڑ ہے، کیونکہ دونوں ہی صوبے کی ترقی کے مخالف ہیں۔

بقیہ جات 2

کے جال لیکر میدان میں آچکا ہے۔ مریدکے میں ممتاز عالم دین مولانا حافظ عثمان ربانی کی طرف سے منعقدکی گئی آل پاکستان ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے انکا کہنا تھا کہ مکہ اور مدینہ شریف ہماری ریڈلائن ہیں، عالم اسلام اسکی حفاظت کے لئے ایک ہے، چند مسلمان ممالک کے اختلافات کا فائدہ اٹھا کر کفار مختلف ہتھکنڈے استعمال کررہے ہیں سب دیکھ رہے ہیں ایک ایک کر کے تمام اسلامی ممالک میں جنگ کی آگ بھڑکائی جارہی ہے، امریکہ اسرائیل کہیں مسلمان ممالک پر حملے کررہے ہیں کہیں اپنے ایجنٹ استعمال کررہے ہیں اور کہیں مسلمان کو مسلمان سے لڑانے کی سازش کی جارہی ہے۔ مسلم ممالک کے قدرتی خزانوں معدنیات پر قبضے کئے جارہے ہیں، پاکستان مسلم ممالک کو اکٹھا کرنے اور حالات کی سنگینی سے آگاہ کرنے کی کوشش تو کررہاہے مگر دیگر اسلامی ممالک کو بھی چاہیے کہ پاکستان کا ساتھ دیں۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ دنیا آج جن حالات سے گزر رہی ہے اور مسلم ممالک جن مسائل میں گرچکے ہیں، واحد عالم اسلام کی ایٹمی قوت پاکستان ہی ہے جو مسلم ممالک کے لئے امید کی کرن ہے، پاکستان کی 25 کروڑ عوام دفاع مکہ پر نہ صرف خوش ہے بلکہ مکہ اور مدینہ کی حفاظت کیلئے سعودی حکومت کیساتھ کھڑی ہے جہاں ہماری بہادر فوج ہر طرح کی جارحیت کیخلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی ہے۔

بقیہ جات 3

کے مطابق اس تجویز کا مقصد موسم سرما سے قبل توانائی کے شعبے میں جنگ بندی کو یقینی بنانا ہے، اس سلسلے میں امریکی، یورپی اور یوکرینی حکام کے درمیان مذاکرات جاری ہیں۔ اخبار کے مطابق امریکی نمائندوں جیرڈ کشنر اور اسٹیو وٹکوف نے ستمبر میں ماسکو اور کیف کے دوروں کے دوران یہ تجویز پیش کی تھی۔ مجوزہ منصوبے کے تحت یورپی پابندیوں سے بچنے کے لیے ایک امریکی ثالث کے ذریعے روسی گیس یورپ کو فروخت کی جائے گی، جس سے امریکی سرمایہ کاروں کے لیے بھی منافع بخش مواقع پیدا ہو سکتے ہیں، تاہم امریکی تجویز کو یورپی یونین کی جانب سے مزاحمت کا سامنا ہے۔

بقیہ جات 4

جن پنگ کی بصیرت افروز قیادت کو سراہتے ہیں، پاکستان اور چین سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ منارہے ہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ چینی کمیونسٹ پارٹی اپنی تاسیس کی 105 ویں سالگرہ منارہی ہے، صدر شی کی زیر قیادت چین نے عوام دوست حکمرانی کے ذریعے قومی احیا کا سفر طے کیا، پاکستان اور چین نے مشرق وسطیٰ میں امن کی بحالی کے لیے فائیو پوائنٹ پیس انیشی ایٹو کا آغاز کیا۔ نائب وزیر اعظم نے مزید کہا کہ چین پاکستان سیاسی پارٹیز کا فورم اور سی پیک جوائنٹ کنسلٹیشن میکانزم اہم پلیٹ فارم ہیں، چین نے کروڑوں افراد کو غربت سے نکالا، جو عالمی سطح پر ایک تاریخی شراکت ہے، پاکستان، چین سٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری باہمی اعتماد، احترام اور تعاون پر قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین اور پاکستان کی سیاسی پارٹیوں کے درمیان تعاون قائم ہے، پاکستان اور چین کے درمیان سیاسی مشاورت کا میکانزم موجود ہے، ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کرنے کا سلسلہ جاری رکھیں گے، چین کے ساتھ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ سی پیک سیاسی جماعتوں کے مشترکہ مشاورت میکانزم کے تحت مزید مستحکم ہوگا، پاکستان اور چین کی دوستی ہمالیہ سے بلند اور سمندر سے گہری ہے، عوام کی فلاح اور پارٹی کی اصل روح پر توجہ شی جن پنگ سوچ کا بنیادی نکتہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین کی ترقی میں پارٹی بلڈنگ اور خود احتسابی کا اہم کردار ہے، چین کیمونسٹ پارٹی کا عوام سے جڑے رہنے کا ماڈل قابل تقلید ہے، سیاسی جماعتوں میں شفافیت اور احتساب جمہوریت کو مضبوط بناتا ہے، پاک چین آل ویدر اسٹریٹجک پارٹنرشپ خطے میں استحکام کی ضمانت ہے۔ چینی وزیر لیو ہائی شنگ نے کہا کہ آج کے چین کو سمجھنے کے لیے چینی کمیونسٹ پارٹی کو سمجھنا ضروری ہے، چین کے صدر شی جن پنگ نے نئے اسٹریٹجک تصورات متعارف کرائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کے سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہوگئے ہیں، چین کے نظام حکمرانی کے پیچھے مضبوط سیاسی جماعت موجود ہے۔ چینی وزیر نے کہا کہ شی جن پنگ کے جماعتی تنظیم سازی کے نظریے کو سمجھنا ہوگا۔ اس موقع پر سینیٹر شیری رحمان نے کہ پاکستان اور چین کے درمیان طرز حکمرانی پر تبادلہ خیال وقت کی ضرورت ہے، پاکستان اور چین کے درمیان باہمی احترام اور اعتماد پر مبنی مضبوط تعلقات قائم ہیں۔ شیری رحمان نے کہا کہ دونوں ملکوں کی سیاسی قیادت دوطرفہ تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے لیے پرعزم ہے، چین کی مختلف شعبوں میں نمایاں ترقی قابل تقلید ہے، شی جن پنگ سوچ عوامی فلاح، گڈ گورننس اور کرپشن کے خاتمے پر زور دیتی ہے۔

بقیہ جات 5

انہوں نے کہا کہ عالمی منڈیوں میں توانائی کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ انشورنس، لاجسٹکس اور نقل وحمل کے اخراجات بھی بڑھ گئے ہیں، جس کے اثرات پاکستانی معیشت پر مرتب ہوئے ہیں۔ وفاقی وزیر پٹرولیم کا کہنا تھا کہ عالمی منڈی میں قیمتوں میں اضافے اور خطے کی صورتحال کے باوجود حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ وزیراعظم کی اہم ترجیحات میں عوام کو ریلیف دینا شامل ہے، اسی مقصد کے تحت حکومت نے فیول سبسڈی سکیم شروع کی، جس سے ایک کروڑ 30 لاکھ سے زائد صارفین فائدہ اٹھارہے ہیں۔ اُن کا کہنا تھا کہ پی ایس او کے ٹینڈرز پر پریمیم میں اضافہ ہوا ہے جبکہ ریفائنریز نے گزشتہ تین ماہ کے دوران اتنا منافع کمایا جو اس سے پہلے برسوں میں نہیں کمایا تھا۔ وفاقی وزیر پٹرولیم نے کہا کہ مشکل وقت میں عوام کو ریلیف دینے کے لیے آئل ریفائنریز سے تعاون کی درخواست کی گئی، جمعے کے روز پٹرول کی قیمت میں 15 روپے فی لیٹر اضافہ متوقع تھا، تاہم ریفائنریز کے تعاون سے قیمتوں کو برقرار رکھنے میں کامیابی حاصل ہوئی۔ علی پرویز ملک کا کہنا تھا کہ آئل ریفائنریز کے تعاون سے عوام کو 15 روپے فی لیٹر سستا پٹرول فراہم کرنے کے قابل ہوں گے، آج بھی پٹرول کی قیمتوں میں کچھ نہ کچھ ریلیف ملے گا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ایران کا معاملہ صلح اور مذاکرات کی طرف جائے تاکہ خطے کی صورتحال بہتر ہو سکے۔ دوسری جانب وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ عوام کو مشکلات سے بچانا بہت بڑی کاوش ہے، عوام کو ریلیف دینا وزیراعظم کی اولین ترجیح ہے۔ عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ دنیا بھر کی طرح خطے کی صورتحال سے پاکستان کی معیشت بھی متاثر ہوئی ہے، تاہم حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ وزیراعظم کے فیول ریلیف پیکیج سے اب تک ڈیڑھ کروڑ سے زائد افراد فائدہ اٹھا چکے ہیں، جبکہ اس پیکیج کے تحت اب تک 27 ارب روپے فراہم کیے جا چکے ہیں، موٹر سائیکل سواروں، رکشہ مالکان اور 800 سی سی تک گاڑیاں رکھنے والے افراد کو ریلیف پیکج سے فائدہ پہنچ رہاہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات کا مزید کہنا تھا کہ وزیراعظم کا ریلیف پیکیج جاری رہے گا، آئل ریفائنریز نے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے 15 ارب روپے کا بوجھ برداشت کیا ہے، خطے میں امن کے قیام کے لیے کوششیں بھی جاری ہیں۔

بقیہ جات 6

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صوبائی محکموں کی بریفنگ سننے کے بعد سر پکڑ لیتے ہیں، شہر میں اب جو صفائی ہورہی ہے، کیا یہ کام پہلے نہیں کیا جا سکتا تھا؟ اس وقت ملازمین ان کے گھروں میں کام کر رہے تھے یا گھر بیٹھے تنخواہیں لے رہے تھے؟ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ اب جو ملازم گھر بیٹھے تنخواہ لے گا، اسے نوکری سے جانا ہوگا، جرم ثابت ہونے پر سزا اور جزا کا نظام نافذ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پشاور کو پھولوں کا شہر کہا جاتا ہے، لیکن سابق حکومت کا لگایا ہوا ایک پھول بھی دکھا دیں۔ گورنر خیبر پختون خوا نے کہا کہ جو جماعت اپنے چیئرمین، جنرل سیکریٹری اور اسپیکر کو نہیں مانتی، وہ ہمیں کیا مانے گی؟ پارٹی کے لوگ آپس میں لڑ رہے ہیں، انہیں خود بتانا چاہیے کہ ان کی اصل فرنچائز کون سی ہے۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ سہیل آفریدی کے وارنٹ گرفتاری سے متعلق تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے۔

بقیہ جات 7

پی او کے تحت گرفتاریوں کا معاملہ وفاقی آئینی عدالت پہنچ گیا جہاں اس حوالے سے دائر درخواستیں سماعت کے لیے مقرر کردی گئی ہیں۔ وفاقی آئینی عدالت کا 2 رکنی بینچ 5 نومبر کو چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں درخواستوں پر سماعت کرے گا۔ بینچ میں جسٹس علی باقر نجفی بھی شامل ہوں گے۔ پشاور ہائی کورٹ نے عبوری حکم نامے کے ذریعے فریقین کی گرفتاریوں سے روک دیا تھا جس کے خلاف ایڈووکیٹ جنرل کے ذریعے وفاقی آئینی عدالت سے رجوع کیا گیا تھا۔ وفاقی آئینی عدالت 3 ایم پی او سے متعلق 48 متفرق درخواستوں پر جمعرات کو سماعت کرے گی۔

بقیہ جات 8

کہا ہے کہ پاکستان کا اسٹریٹجک جغرافیائی محل وقوع، وسیع بندرگاہی انفراسٹرکچر اور سرمایہ کاری کے مواقع وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ اقتصادی تعاون اور علاقائی روابط کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ قازقستان کے شہر الماتی میں وسطی ایشیا کی اقتصادی ترقی اور معیاری سرمایہ کاری سے متعلق دوسرے تیان شان فورم (Second TIANSHAN Forum for Central Asia Economic and Quality Investment) کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان خشکی میں گھرے وسطی ایشیائی ممالک کے لیے ایک اہم تجارتی اور ٹرانزٹ راہداری بن سکتا ہے، جو انہیں بین الاقوامی سمندری تجارتی راستوں اور عالمی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ وفاقی وزیر نے پاکستان کی تین بڑی بندرگاہوں، کراچی پورٹ، پورٹ قاسم اور گوادر پورٹ کو علاقائی تجارت کے فروغ، نقل وحمل کے روابط میں بہتری اور اشیاء کی ترسیل کے لیے متبادل راستوں کی فراہمی کے حوالے سے اہم قرار دیا۔ انہوں نے بالخصوص کراچی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ کراچی پاکستان کا ایک بڑا صنعتی اور تجارتی مرکز ہے، جہاں موجود صنعتی بنیاد، کاروباری انفراسٹرکچر، مالیاتی ادارے اور بندرگاہی سہولیات تجارت، صنعتی شراکت داری اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے وسیع مواقع فراہم کرتی ہیں۔ انہوں نے گوادر بندرگاہ کی صلاحیت کو بھی علاقائی روابط اور اقتصادی تعاون کے فروغ کے لیے اہم قرار دیا۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ پاکستان کی تقریباً 60 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے، جو ملک کے لیے ایک اہم آبادیاتی فائدہ ہے، نوجوان افرادی قوت ملک کی اقتصادی ترقی اور پیداواری صلاحیت میں اضافے کی بھرپور استعداد رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت علاقائی روابط کو مضبوط بنانے، توانائی کی ضروریات پوری کرنے اور ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے پر توجہ دے رہی ہے۔

بقیہ جات 9

نے کہا ہے کہ میاں نواز شریف کی قیادت میں پاکستان پی ٹی آئی حکومت سے پہلے جتنی ترقی اور خوشحالی کی منازل طے کررہا تھا آج پاکستان اقتصادی معاشی اعتبار سے ایشیاء کا ٹائیگر بن چکا ہوتا۔ مریدکے کالاشاہ کاکو موٹروے چوک کے قریب تین تحصیلوں مریدکے مشرقپورہ، فیروزوالہ کے مشترکہ جوڈیشل کمپلیکس میں وکلاء کے چیمبرز کی قرعہ اندازی تقریب میں وارث علی بھٹی صدر بار فیروز والا اجنرل سیکرٹری چوہدری سبطین گجر اور سابق صدر بار رانا ہدایت علی ایڈوکیٹ چوھدری محمد اکبر چاہل ایڈوکیٹ اور چوہدری غضنفر محمود ایڈوکیٹ کے ہمراہ خطاب کرتے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ مسلم لیگ کی حکومت جب بھی آئی پاکستان میں خوشحالی آئی، میاں محمد نواز شریف نے پاکستان کو ایٹمی طاقت بنایا موٹرویز بنائے ہسپتالز بنائے، غیر ملکی ریکارڈ سرمایا کاری ہوئی، صنعتوں کے نہ صرف زونز بنائے بلکہ صنعتی انقلاب لائے، اسٹاک ایکسچینج نے دنیا کے ریکارڈ توڑے جسے دنیا نے صرف تسلیم کیا بلکہ کہا جارہا تھا جس رفتار سے پاکستان ترقی کر رہا ہے اقتصادی معاشی طور پر ایشیا کا ٹائیگر بنے گا مگر پاکستان مخالف قوتوں کو پاکستان کی ترقی اچھی نہ لگی اور سازشیں کرکے میاں نواز شریف کو ہٹایا گیا، پھر پی ٹی آئی کا دور پاکستان کی تباہی عوام کی بدحالی کا دور آیا جسکی سزا ابھی تک قوم کو بھگتنا پڑ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پی ٹی آئی کے چھوڑے گئے بحران سے پاکستان کو نکالنے میں دن رات کی کوششوں سے کامیاب ہوگئے، پاکستان دنیا میں عزت وقار سے سامنے آیا مگر سازشیں بند نہ ہوئیں، غیر ملکی ایجنڈ الیکر پی ٹی آئی اور کچھ قوتیں دن رات کوشاں ہیں کہ سیاسی معاشی اقتصادی نقصان کیا جائے مگر اللہ کے کرم سے کامیاب نہیں ہوسکیں گے کیونکہ 25 کروڑ عوام حکومت کیساتھ کھڑے ہیں، قوم چہرے پہچان چکی جسکی زندہ مثال خیبر پختونخواہ ہے جہاں مجبوراً گورنر راج ایمرجنسی نافذ کرنا پڑی، وہاں کی عوام نے سکھ کا سانس لیا اب دہشت بچیں گے نہ انکے سہولت کار بچیں گے۔

بقیہ جات 10

کے حوالے سے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کو بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ سیکرٹری الیکشن کمیشن اور دیگر سینئر افسران نے دی۔ چیف الیکشن کمشنر کو اسلام آباد لوکل گورنمنٹ سسٹم، مختلف سیٹوں پر انتخابات کے طریقہ کار، انتخابات سے متعلق اب تک کیئے گئے اقدامات اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق بتایا گیا چیف الیکشن کمشنر کو بتایا گیا کہ تمام الیکشن میٹریل کی خریداری کا عمل مکمل ہوچکا ہے، بیلٹ پیپروں کی پرنٹنگ کے انتظامات مکمل ہیں۔ سیکرٹری وزارت داخلہ، آئی جی اسلام آباد اور ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کو الیکشن کے ضروری انتظامات سے متعلق خطوط لکھ دیئے گئے۔ الیکشن کمیشن اسلام آباد میں بلدیاتی الیکشن کے پُرامن انعقاد کیلئے تیار ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے اب تک کے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور حکم دیا کہ الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں مورخہ 10 نومبر 2026 بروز منگل لوکل گورنمنٹ انتخابات اسلام آباد کے انتظامات کے سلسلے میں ایک میٹنگ بلائی جائے جس میں سیکرٹری وزارت داخلہ، چیف کمشنر اور آئی جی اسلام آباد کو مدعو کیا جائے کہ وہ الیکشن کمیشن کو سیکورٹی پلان اور دیگر معاملات پر بریفنگ دیں۔

بقیہ جات 11

کیلئے بینکس کلیدی اہمیت کے حامل ہیں، اپنا گھر سکیم سے ہاؤسنگ وتعمیرات کے شعبے سے منسلک کئی صنعتوں کو فروغ ملے گا، صارفین کو قرض فراہمی میں سست روی اختیار کرنے والے بینکس سے رعایت نہ برتی جائے، چھوٹے ودرمیانے درجے کے کاروبار معیشت کی ترقی کی استعداد رکھتے ہیں، زراعت کا شعبہ ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، زرعی اجناس کی ویلیو ایڈیشن سے برآمدات میں اضافے کیلئے کوشاں ہیں، نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ جات 12

کیلئے بینکس کلیدی اہمیت کے حامل ہیں، اپنا گھر سکیم سے ہاؤسنگ وتعمیرات کے شعبے سے منسلک کئی صنعتوں کو فروغ ملے گا، صارفین کو قرض فراہمی میں سست روی اختیار کرنے والے بینکس سے رعایت نہ برتی جائے، چھوٹے ودرمیانے درجے کے کاروبار معیشت کی ترقی کی استعداد رکھتے ہیں، زراعت کا شعبہ ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، زرعی اجناس کی ویلیو ایڈیشن سے برآمدات میں اضافے کیلئے کوشاں ہیں، نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ جات 13

نہیں دی گئی جبکہ مذاکرات کیلئے خان تک رسائی شرائط میں سے ایک تھی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے ہر ممکن کوشش کرتے رہے ہیں، بیرسٹر سیف کا یہ کہنا بے بنیاد ہے کہ آفر کے باجود بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہیں کی، انٹرویو کے دوران بیرسٹر سیف کے تمام دعووں کو بھی مسترد کرتا ہوں، ان کے تمام دعوے جھوٹے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے عدالت اور مذاکرات کے ہر طریقے سے کوشش کی، تمام کوششوں کے باوجود ہمیں ایک بھی ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی جبکہ مذاکراتی عمل کے دوران عمران خان تک رسائی بھی ہماری شرائط میں سے ایک تھی۔ واضح رہے کہ بیرسٹر سیف نے دعویٰ کیا ہے کہ راجہ ناصر عباس اسٹیبلشمنٹ کے اہم لوگوں کے ساتھ براہ راست رابطے میں ہیں مگر وہ رابطے عمران خان کی رہائی کے لیے نہیں ہیں۔

بقیہ جات 14

واقعے کی خبر سامنے آئی تھی۔ ہنگو پولیس کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوا تھا۔

بقیہ جات 15

کرنا ہوں گے۔ پیر کو پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ''ڈیجیٹل اثاثوں پر مکالمہ اور مستقبل کی بینکاری'' کے موضوع پر منعقدہ تقریب سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کو ایسی مالیاتی جدت کی ضرورت ہے جو کاروبار کرنے کی لاگت کم کرنے اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کو باضابطہ معیشت کا حصہ بنانے میں مدد دے، ڈیجیٹل اثاثوں کو بھی مالیاتی نظام میں اپنی افادیت حقیقی معاشی نتائج کے ذریعے ثابت کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس اور ترسیلات زر کا شعبہ ٹوکنائزیشن کے اہم ممکنہ استعمالات میں شامل ہے، رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے اعداد وشمار حوصلہ افزا ہیں اور توقع ہے کہ مالی سال کے اختتام پر ترسیلات زر کا مجموعی حجم 44 ارب ڈالر سے بڑھ سکتا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان اس وقت معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب بڑھ رہا ہے جس کیلئے مالیاتی نظم وضبط برقرار رکھنے، برآمدات بڑھانے اور نجی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، مالیاتی نظام کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک رسائی دینے اور کاروباری اداروں کو موثر خدمات فراہم کرنے میں ڈیجیٹل جدت اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جے پی مورگن ادارہ جاتی صارفین کے لیے بلاک چین نیٹ ورکس پر رقوم کی منتقلی میں ڈپازٹ ٹوکنز استعمال کر رہا ہے جبکہ بینک برائے بین الاقوامی تصفیہ جات بی آئی ایس کا منصوبہ پراجیکٹ آگورا بھی ٹوکنائزڈ کمرشل بینک ڈپازٹس اور مرکزی بینک کے ذخائر کے ذریعے سرحد پار ادائیگیوں کو بہتر بنانے کے امکانات کا جائزہ لے رہا ہے۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ ڈیجیٹل اثاثوں کی مختلف اقسام کے خطرات اور خصوصیات الگ الگ ہیں اس لیے ان کے لیے ضابطہ جاتی طریقہ کار بھی متعلقہ مالیاتی سرگرمیوں کی نوعیت کے مطابق ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ورچوئل اثاثہ جات ایکٹ 2026 کے ذریعے قانونی اور ضابطہ جاتی فریم ورک قائم کیا ہے جس کے تحت پاکستان ورچوئل ریگولیٹری اتھارٹی (پی وی اے آر اے) کو ورچوئل اثاثہ جات کی خدمات فراہم کرنے والے اداروں کو لائسنس جاری کرنے اور ان کی نگرانی کی ذمہ داری سونپی گئی ہے، اب اس فریم ورک کو موثر بنانے کے لیے مستعد نگرانی اور متعلقہ اداروں کے درمیان واضح رابطہ کاری ضروری ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ سٹیٹ بینک نے پی وی اے آر اے سے لائسنس یافتہ اداروں کو مخصوص شرائط کے تحت بینکاری خدمات کی فراہمی کی اجازت دینے کا راستہ فراہم کیا ہے جس میں صارفین کی جانچ پڑتال اور ان کے فنڈز کو الگ رکھنے کی شرائط شامل ہیں، این او سی رکھنے والے اداروں کے اکاؤنٹس کا دائرہ کار محدود ہے جبکہ بینکوں پر زرمبادلہ کے ضوابط اور دیگر متعلقہ قوانین کی پابندی لازم ہے، بینکوں کو اپنے فنڈز یا صارفین کے ڈپازٹس سے ورچوئل اثاثوں میں سرمایہ کاری، تجارت یا انہیں اپنے پاس رکھنے کی اجازت نہیں، پاکستان کو پابندیوں اور ضابطہ جاتی ابہام سے نکال کر قانونی اور زیر نگرانی نظام کی طرف لانے کے لیے پیوانے اہم پیش رفت کی ہے۔ انہوں نے اس حوالے سے سٹیٹ بینک پاکستان اور سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان کے کردار کو بھی سراہا۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان نے ستمبر میں نیویارک میں اقوام متحدہ کے ڈیجیٹل کوآپریشن ڈے کے موقع پر بلاک چین اور ٹوکنائزڈ مستقبل کے موضوع پر مکالمے کی مشترکہ میزبانی کی جس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ نئی ٹیکنالوجیز حقیقی معاشی ضروریات پوری کریں اور ان کے ساتھ مضبوط حفاظتی انتظامات بھی موجود ہوں، پاکستان کی جانب سے جی 24 کی صدارت سنبھالنا بھی عالمی جنوب کے ترقی پذیر ممالک کی ترجیحات کو بین الاقوامی پالیسی مباحثے میں شامل کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔ انہوں نے بینکوں کی قیادت پر زور دیا کہ وہ ڈیجیٹل اثاثوں کے شعبے میں عملی اور قابل عمل تجاویز پیش کریں، متعلقہ ٹیکنالوجیز میں مہارت پیدا کرنے کے لیے سرمایہ کاری کریں اور ریگولیٹرز کے ساتھ مل کر اپنے دائرہ اختیار میں قابل اجازت سرگرمیوں کو آگے بڑھائیں۔ وزیر خزانہ نے سائبر سکیورٹی کو ڈیجیٹل مالیاتی نظام کا اہم ترین تقاضا قرار دیتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں سائبر حملوں کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے اور ریاستی وغیر ریاستی عناصر کی جانب سے چوبیس گھنٹے خطرات موجود ہیں، اس صورتحال میں کسی قسم کی غفلت کی گنجائش نہیں، بینکوں کو اپنے سائبر سیکورٹی نظام کو موثر بنانے اور سٹیٹ بینک کے ساتھ مل کر ابھرتے خطرات سے نمٹنے کے لیے اقدامات کرنا ہوں گے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان میں فائیو جی سپیکٹرم کی نیلامی، راست جیسے ڈیجیٹل ادائیگی کے نظام اور ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کی ترقی مالیاتی جدت کے فروغ کے لیے اہم اقدامات ہیں، ان اقدامات کے ذریعے مالیاتی خدمات کی رسائی اور کارکردگی بہتر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے تقریب کے منتظمین، لمز کی قیادت، پاکستان بینکس ایسوسی ایشن اور بینکاری شعبے کے نمائندوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس مکالمے کے نتیجے میں تمام متعلقہ فریقوں کے درمیان ڈیجیٹل اثاثوں اور بینکاری کے مستقبل کے حوالے سے نتیجہ خیز تجاویز سامنے آئیں گی۔

بقیہ جات 16

عدالتی سمن بھجوانے شروع کر دیئے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق 10 روز کے اندر ڈیجیٹل چالان جمع نہ کروانے پر جرمانہ ڈبل ہوجاتا ہے، جبکہ عدم ادائیگی کی صورت میں چالان متعلقہ عدالتوں کو منتقل کر دیئے جاتے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ ڈبل جرمانے ہونے کے باعث متعدد شہری اپنی ضبط شدہ دستاویزات واپس لینے کے لیے عدالتوں سے رجوع نہیں کر رہے تھے، جس کے بعد اب 10 روز کی مہلت گزرنے پر بھی چالان جمع نہ کروانے والے شہریوں کو عدالتی سمن بھجوائے جائیں گے۔ پولیس کے مطابق زیر التواء ڈیجیٹل چالان اور ضبط شدہ دستاویزات کی تعداد تقریباً 8 لاکھ تک پہنچ چکی ہے۔ عدالتی سمن کے ذریعے شہریوں کو چالان کی ادائیگی کر کے اپنی ضبط شدہ دستاویزات واپس لینے کا حکم دیا جائے گا، جبکہ عدالتی سمن کے باوجود چالان جمع نہ کروانے والوں کے خلاف مزید سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ جات 17

لیے سیشن کورٹ کے کمرہ عدالت میں موجود تھے، جہاں ان کی جانب سے محمد خورشید ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ دوران سماعت فاضل جج کی موجودگی میں مدعی پارٹی کے 15 سے 20 افراد نے ملزمان پر تشدد شروع کردیا۔ واضح رہے کہ ملزمان کے خلاف تھانہ کاہنہ میں مقدمہ درج تھا۔ کمرہ عدالت میں سماعت کے دوران مدعی پارٹی نے حملہ کیا، جس پر تھانہ اسلام پورہ کی پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ واقعے کے بعد ریسکیو 1122 نے کمرہ عدالت سے زخمی ملزم کو ہسپتال منتقل کردیا۔

بقیہ جات 18

والے صحافیوں پر ظلم وتشدد بند ہونا چاہیے، صحافیوں کو بلا خوف وخطر اپنے فرائض انجام دینے کیلئے محفوظ ماحول فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے، صحافیوں کا تحفظ، آزادی صحافت اور آزادی اظہار جمہوری معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے، صحافیوں کے حقوق کا تحفظ اور ان کے پیشہ ورانہ وقار کا احترام یقینی بنایا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ احساس ذمہ داری کے ساتھ آزادی صحافت جمہوریت کی اساس ہے، آزاد اور ذمہ دار صحافت جمہوریت کے استحکام میں اہم کردار ادا کرتی ہے، مضبوط جمہوری معاشرے کیلئے صحافت کا آزاد ہونا بہت ضروری ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ صحافیوں کو دھمکیاں دینے، تشدد کا نشانہ بنانے اور ہراساں کرنے کے واقعات ناقابل قبول ہیں، صحافیوں کے خلاف جرائم میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانا ضروری ہے، صحافی معاشرتی انصاف کے محافظ اور عوام کی آواز ہیں، ظلم، ناانصافی اور جھوٹ کو بے نقاب کرنے والے صحافی ہیرو ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بحیثیت وزیر اعلیٰ آزادی صحافت کے تحفظ کی ضامن ہوں، بے گھر صحافیوں کے لئے اپنی چھت کا خواب پورا کرنے کے لئے پرعزم ہیں، سچائی کی آواز دبانے کی ہر کوشش معاشرے کے بنیادی حقوق پر حملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں صحافی اور صحافت محفوظ ہے، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے یہاں قتل وتشدد کے واقعات ہوئے نہ ہی ہوں گے، حکومت پنجاب آزادی صحافت اور صحافیوں کے تحفظ کے اصولوں کی حمایت کرتی ہے۔

بقیہ جات 19

بغیر خریداروں کے نام منتقل کردی گئیں۔ انکوائری کے مطابق 11 افسران نے گاڑی مالکان کی عدم موجودگی اور بائیومیٹرک تصدیق کے بغیر گاڑیاں نئے خریداروں کے نام ٹرانسفر کیں۔ حیران کن امر یہ ہے کہ متعدد گاڑی مالکان اپنی گاڑیوں کی منتقلی سے بھی لاعلم نکلے۔ محکمہ ایکسائز نے گاڑیوں کی خرید وفروخت کے دوران خریدار اور فروخت کنندہ دونوں کی بائیومیٹرک تصدیق لازمی قرار دے رکھی ہے۔ معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹری ایکسائز نے 3 موٹر رجسٹریشن اتھارٹی (ایم آر اے) افسران اور 8 انسپکٹرز سمیت مجموعی طور پر 11 اہلکاروں کو چارج شیٹ کر دیا اور ان کے خلاف انکوائری کا حکم دے دیا۔ ڈائریکٹر ایکسائز بہاولپور چوہدری آصف کو انکوائری کرکے فوری رپورٹ سیکرٹری ایکسائز کو بھجوانے کی ہدایت کی گئی ہے، جبکہ ملوث افسران اور انسپکٹرز کو فوری طور پر اپنے جوابات جمع کروانے کا حکم بھی دے دیا گیا ہے۔

بقیہ جات 20

نے محمد بلال رضا و دیگر کی درخواستوں سمیت ملازمین کی 26 آئینی درخواستوں پر 26 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کردیا، جسٹس خالد اسحاق نے فیصلے میں لکھا کہ مستقل نوعیت کے کام پر مسلسل نو ماہ سے زائد خدمات انجام دینے والے اہل ملازمین مستقل ورکرز قرار پانے کے حق دار ہیں۔ پنجاب حکومت کی 2021 کی پالیسی کا اطلاق ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹیز پر بھی ہوگا اور مستقل ورکرز کا قانونی درجہ حاصل کرنے کیلئے الگ سے نوٹیفکیشن جاری کرنا ضروری نہیں۔ عدالت نے قرار دیا کہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹیز خودمختار ادارے ہونے کی بنیاد پر حکومتی پالیسی کے اطلاق سے انکار نہیں کرسکتیں، ملازمین کی بار بار 89 روزہ تقرریاں مستقل نوعیت کے کام کی حقیقت تبدیل نہیں کرسکتیں، ملازم کی قانونی حیثیت کا تعین تقرری کے نام سے نہیں بلکہ کام کی نوعیت اور مدت سے کیا جائے گا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ ایک جیسے حالات میں کام کرنے والے ملازمین کے ساتھ مختلف سلوک آئین کے آرٹیکل 25 کے منافی ہوسکتا ہے، بعض ملازمین کو مستقل ورکرز کا درجہ دینا جبکہ دیگر کو اس حق سے محروم رکھنا امتیازی سلوک ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ ملازمین کو زبانی احکامات کے ذریعے ملازمت سے فارغ کرنا قانونی تقاضوں کے مطابق نہیں، ملازمت ختم کرنے کے لیے تحریری حکم جاری کرنا اور اس کی وجوہات بیان کرنا ضروری ہے جبکہ کسی ملازم کے خلاف منفی کارروائی سے قبل اسے اپنا موقف پیش کرنے کا مناسب موقع دینا بھی لازم ہے۔ فیصلے کے مطابق انڈسٹریل اینڈ کمرشل ایمپلائمنٹ (سٹینڈنگ آرڈرز) 1968 کے تحت قانونی شرائط پوری کرنے والے ملازمین مستقل ورکرز کے حقوق اور قانونی تحفظات حاصل کرنے کے حق دار ہیں، اس میں ڈیٹا انٹری آپریٹرز، سینیٹری ورکرز اور دیگر اہل ملازمین بھی شامل ہیں۔ عدالت نے واضح کیا کہ ڈیلی ویجز ملازمین کو مستقل ورکرز کا قانونی درجہ دینے کا مطلب انہیں سول سرونٹ کی حیثیت سے مستقل کرنا یا سول سروس میں خودکار ریگولرائزیشن نہیں ہے، بلکہ انہیں سٹینڈنگ آرڈرز 1968 کے تحت مستقل ورکرز کے حقوق اور قانونی تحفظ حاصل ہوگا۔

بقیہ جات 21

کوئٹہ چمن شاہراہ بند ہوگئی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ مغویوں کی بحفاظت بازیابی ترجیح ہے۔

بقیہ جات 22

مقامی ہوٹل میں دعوت ولیمہ کا بھی اہتمام کیا گیا، جس میں دولہا کے اہلخانہ، رشتہ داروں اور دوستوں نے شرکت کی۔ اہلخانہ کے مطابق دولہا اور دلہن دونوں قوت سماعت سے محروم ہیں، تاہم ایک دوسرے کا ساتھ ملنے پر بے حد خوش ہیں، دلہن نے پاکستانی لباس زیب تن کیا اور مقامی لوگوں کے ساتھ گھل مل گئی۔

بقیہ جات 23

ٹیکسٹائل ٹریننگ کے ساتھ ماہانہ 15 ہزار روپے وظیفہ بھی ملے گا جبکہ ''شی تھریڈ'' ٹریننگ کی تکمیل کے بعد ٹیکسٹائل انڈسٹری میں روزگار بھی فراہم کیا جائے گا، محکمہ وویمن ڈویلپمنٹ کے زیر اہتمام ''شی تھریڈ'' پروگرام کے تحت لاہور میں دیہی علاقوں کی خواتین کی رجسٹریشن شروع کردی گئی۔ پروگرام میں دیہی خواتین کو انڈسٹریل سلائی مشین آپریٹر اپیرل سپر وائزر ٹریننگ دی جائیگی، لاہور کے قریب ملتان روڈ پر واقع شاہ کام انڈسٹری میں ''شی تھریڈ'' پروگرام کی ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا ہے، 3 ماہ کی ٹریننگ کورس میں کلاس روم اور تدریس کے ساتھ پریکٹیکل ٹریننگ بھی کروائی جائے گی اس حوالے سے 18 سے 45 سالہ خواتین کے پاس پنجاب کا رہائشی/ڈومیسائل ہونا ضروری ہے جبکہ ''شی تھریڈ'' پروگرام میں رجسٹریشن کے لیے میٹرک کی اہلیت مقرر کی گئی ہے۔ رجسٹریشن کے لیے قومی شناختی کارڈ اور ڈومیسائل لے کر شاہ کام انڈسٹریز میں درخواست دی جاسکتی ہے، ابتدائی جانچ پڑتال اور اہلیت کی تصدیق کے بعد امیدوار خواتین کو داخلے سے قبل حلف نامہ جمع کروانا ہوگا۔ اسسٹنٹ کمشنرز، یونین کونسل سیکرٹریز اور متعلقہ ضلعی دفاتر کے ذریعے ''شی تھریڈ'' رجسٹریشن کے بارے میں معلومات لی جاسکتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ کے مطابق دیہی خواتین کو مارکیٹ بیسڈ ٹریننگ دے کر باوقار روزگار کا اہل بنانا ہے، ''شی تھریڈ'' پروگرام کے تحت خواتین کو مارکیٹ کی ضرورت کے مطابق ہنر سکھا کر ٹیکسٹائل انڈسٹری میں روزگار بھی دیا جائے گا۔

بقیہ جات 24

جاسکتا ہے اور عدالتیں انصاف فراہم نہیں کرسکتیں، جبکہ انگریز کے بنائے ہوئے کالے قوانین استعمال کرکے شہری آزادیاں سلب کی جارہی ہیں۔ سلمان اکرم راجا نے کہا کہ آج عدالتیں بے بس ہیں، جبکہ اس سے قبل آزاد عدلیہ کے فیصلے موجود ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ پی ٹی آئی سوشل میڈیا کو ہم کنٹرول نہیں کرتے۔ ہم احتجاج کرتے رہیں گے، عوام کو آگاہ کرتے رہیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ جب لوگ باہر نکلتے ہیں تو ان پر گولیاں چلائی جاتی ہیں، تاہم پی ٹی آئی آئین اور قانون کی بالادستی کے لیے آواز اٹھاتی رہے گی۔ مہنگائی اور بے روزگاری سمیت عوامی مسائل اجاگر کرنا ہر سیاسی جماعت کا فرض ہے۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ بانی چیئرمین پی ٹی آئی عوام کے انہی حقوق کے تحفظ کے لیے جیل میں ہیں۔ بطور سیاسی جماعت عوام کے حقوق کے لیے آواز اٹھانا ہمارا فرض ہے اور ہر سیاسی جماعت کو آئینی حقوق کے تحفظ کے لیے آواز اٹھانی چاہیے۔

بقیہ جات 25

کے مطابق شہری غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں، باہر نکلتے وقت حفاظتی ماسک استعمال کریں اور خصوصاً بچوں، بزرگوں اور سانس کے امراض میں مبتلا افراد کا خصوصی خیال رکھیں۔

بقیہ جات 26

آہنگ ہو تو ایف سی سی اسے اختیار کرسکتی ہے، ریویو کا دائرہ اختیار انتہائی محدود اور مخصوص ہے۔ فیصلہ کے مطابق ریویو صرف ریکارڈ پر ظاہر ہونے والی غلطی یا ایسی کوتاہی تک محدود ہے جس سے انصاف کا قتل عام ہو، ریویو درخواست کیس پر دوبارہ بحث کا موقع نہیں، عدالت ریویو میں کیس کی دوبارہ سماعت نہیں کرتی بلکہ ریکارڈ پر ظاہر ہونے والی غلطی دیکھتی ہے۔ قرار دیا گیا کہ ریویو درخواستیں معمول کے طور پر دائر کرنے کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے، فریقین اور وکلاء صرف حقیقی طور پر جائز بنیاد موجود ہونے پر ریویو درخواستیں دائر کریں، فضول یا بدنیتی پر مبنی ریویو درخواست پر کم از کم 25 ہزار روپے اخراجات عائد کیے جاسکتے ہیں۔ فیصلہ میں کہا گیا کہ فضول یا بدنیتی پر مبنی ریویو درخواست پر ایڈووکیٹ آن ریکارڈ کے خلاف تادیبی کارروائی بھی ہوسکتی ہے، ریویو درخواست دائر کرنے سے پہلے ایڈووکیٹ آن ریکارڈ یا فریق کو وجوہات پر مبنی سرٹیفکیٹ دینا ہوگا، ریویو درخواست کی سماعت کے لیے 50 ہزار روپے بطور سیکورٹی جمع کرانا لازم ہے۔ وفاقی آئینی عدالت کے مطابق ریویو درخواست خارج یا فضول وبدنیتی پر مبنی قرار پانے پر سیکورٹی ضبط کی جاسکتی ہے، مناسب کیسز میں ریویو درخواست زبانی سماعت کے بغیر سرکولیشن کے ذریعے نمٹائی جاسکتی ہے، آرٹیکل 175F(1)(c) کے تحت ہائیکورٹ کے آرٹیکل 199 کے فیصلے کے خلاف اپیل کے لیے ایف سی سی سے لیو ضروری ہے۔ فیصلہ میں بات صاف کردی گئی کہ لیو ٹو اپیل حق کے طور پر اپیل نہیں، لیو ملنے کے بعد ہی درخواست اپیل کی حیثیت اختیار کرتی ہے، لیو ٹو اپیل مسترد کرنے کا مطلب لازماً ہائیکورٹ کے فیصلے کی توثیق نہیں، لیو ٹو اپیل پر عدالت کے لیے تفصیلی وجوہات دینا ضروری نہیں۔ فیصلہ میں کہا گیا کہ غیر تفصیلی حکم یا نان اسپیکنگ آرڈر بذات خود ریویو کا جواز نہیں، لیو ٹو اپیل کے مرحلے پر عدالت کسی قانونی سوال یا انصاف کے قتل عام کو روکنے کی ضرورت کا جائزہ لیتی ہے۔ وفاقی آئینی عدالت نے بلوچستان ٹریڈنگ کمپنی کی ریویو درخواست مسترد کردی اور جمع کرائی گئی سیکورٹی ضبط کرنے کا حکم دیا۔ عدالت کے مطابق بلوچستان ٹریڈنگ کمپنی کی جانب سے ریویو میں کوئی ایسی غلطی کی نشاندہی نہیں کی گئی جو ریکارڈ پر ظاہر ہو، ریویو درخواست میں پہلے اٹھائے گئے نکات ہی دوبارہ پیش کیے گئے، لیز کی بحالی اور قبضے سے متعلق بلوچستان ٹریڈنگ کمپنی کی درخواست مسترد کردی گئی۔

بقیہ جات 27

روسٹر جاری کیا گیا، ڈیوٹی روسٹر کے مطابق پہلا ڈویژن بینچ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس شاہ رخ ارجمند پر مشتمل ہوگا جبکہ دوسرے ڈویژن بینچ میں جسٹس سردار اعجاز اسحاق اور جسٹس خادم حسین سومرو شامل ہوں گے، تیسرے ڈویژن بینچ میں جسٹس ارباب محمد طاہر اور جسٹس محمد آصف ساعت کریں گے، جبکہ چوتھے ڈویژن بینچ میں جسٹس اعظم خان اور جسٹس عمیر مجید ملک شامل ہیں۔ پانچویں ڈویژن بینچ میں جسٹس انعام امین منہاس اور جسٹس ایاز شوکت شامل ہوں گے۔ نیا ڈیوٹی روسٹر آج سے تاحکم ثانی نافذ العمل رہے گا۔

بقیہ جات 28

کے ہمراہ محلہ اسلام پورہ میں صدر او ورسیز کمالیہ تاجر اتحاد شبیر منہاس راجپوت کی رہائش گاہ پر آمد کی، جہاں ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر سیاسی امور، علاقائی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے مختلف معاملات پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں ابرار منہاس، رشید انصاری اور اسرار منہاس بھی موجود تھے۔ ممبر قومی اسمبلی ریاض فتیانہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، بے روزگاری اور غربت نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ہے اور عوام کی قوت خرید جواب دے چکی ہے۔ موجودہ معاشی بحران کے خاتمے کے لیے حکومت کو اپنے غیر ضروری اخراجات میں کمی اور کفایت شعاری اختیار کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بجلی اور پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے عوام پر معاشی بوجھ بڑھا دیا ہے، حکومت کو عوام کو ریلیف دینے کے لیے عملی اقدامات کرنے چاہئیں مزید برآں، انہوں نے حکومتی معاشی پالیسیوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو مہنگائی کے عذاب سے نکالنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے

بقیہ جات 29

لیے اقدامات کرنا ہوں گے۔ پیر کو پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ''ڈیجیٹل اثاثوں پر مکالمہ اور مستقبل کی بینکاری'' کے موضوع پر منعقدہ تقریب سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کو ایسی مالیاتی جدت کی ضرورت ہے جو کاروبار کرنے کی لاگت کم کرنے اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کو باضابطہ معیشت کا حصہ بنانے میں مدد دے، ڈیجیٹل اثاثوں کو بھی مالیاتی نظام میں اپنی افادیت حقیقی معاشی نتائج کے ذریعے ثابت کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس اور ترسیلات زر کا شعبہ ٹوکنائزیشن کے اہم ممکنہ استعمالات میں شامل ہے، رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے اعداد وشمار حوصلہ افزا ہیں اور توقع ہے کہ مالی سال کے اختتام پر ترسیلات زر کا مجموعی حجم 44 ارب ڈالر سے بڑھ سکتا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان اس وقت معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب بڑھ رہا ہے جس کے لیے مالیاتی نظم وضبط برقرار رکھنے، برآمدات بڑھانے اور نجی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، مالیاتی نظام کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک رسائی دینے اور کاروباری اداروں کو موثر خدمات فراہم کرنے میں ڈیجیٹل جدت اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جے پی مورگن ادارہ جاتی صارفین کے لیے بلاک چین نیٹ ورکس پر رقوم کی منتقلی میں ڈپازٹ ٹوکنز استعمال کررہا ہے جبکہ بینک برائے بین الاقوامی تصفیہ جات بی آئی ایس کا منصوبہ پراجیکٹ آگورا بھی ٹوکنائزڈ کمرشل بینک ڈپازٹس اور مرکزی بینک کے ذخائر کے ذریعے سرحد پار ادائیگیوں کو بہتر بنانے کے امکانات کا جائزہ لے رہا ہے۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ ڈیجیٹل اثاثوں کی مختلف اقسام کے خطرات اور خصوصیات الگ الگ ہیں اس لیے ان کے لیے ضابطہ جاتی طریقہ کار بھی متعلقہ مالیاتی سرگرمیوں کی نوعیت کے مطابق ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ورچوئل اثاثہ جات ایکٹ 2026 کے ذریعے قانونی اور ضابطہ جاتی فریم ورک قائم کیا ہے جس کے تحت پاکستان ورچوئل ریگولیٹری اتھارٹی (پی وی اے آر اے) کو ورچوئل اثاثہ جات کی خدمات فراہم کرنے والے اداروں کو لائسنس جاری کرنے اور ان کی نگرانی کی ذمہ داری سونپی گئی ہے، اب اس فریم ورک کو موثر بنانے کے لیے مستعد نگرانی اور متعلقہ اداروں کے درمیان واضح رابطہ کاری ضروری ہے۔

بقیہ جات 30

صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے شرکت کی۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری ڈویلپمنٹ احمد کمال مان، ایڈیشنل سیکرٹری ایڈمن خدیجتہ الکبریٰ، سینئر پلاننگ آفیسر فاطمہ نورین و دیگر افسران نے شرکت کی۔ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر ساہیوال انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی پروفیسر اختر، ایم ایس جنرل ہسپتال مری ڈاکٹر قیصر عباسی اور راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے ذمہ داران نے بھی شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان نے جلاس کے دوران نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر مری اور ساہیوال انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے انتظامی امور و کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اجلاس کے دوران پنجاب کے کارڈیک ہسپتالوں میں بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے طبی سامان وایچ آر کی تازہ صورتحال کا جائزہ بھی لیا گیا

بقیہ جات 31

ایل پی جی کی کھپت میں اضافہ ہو رہا ہے جس کے ساتھ ہی قیمتوں میں بھی اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق لاہور سمیت ملک کے مختلف شہروں میں ایل پی جی سرکاری نرخوں سے کہیں زیادہ قیمت پر فروخت کی جارہی ہے۔ دکانداروں کے خلاف کارروائیوں کے باوجود صارفین کو سرکاری قیمت پر گیس کی فراہمی ممکن نہیں ہوسکی۔ اوگرا کے اعداد وشمار کے مطابق ملک میں ایل پی جی کی 411 کمپنیوں میں سے صرف 45 کمپنیوں کے پاس مقامی پیداوار کا کوٹہ ہے، جبکہ 300 سے زائد کمپنیاں انہی کمپنیوں سے ایل پی جی خرید کر آگے فروخت کرتی ہیں۔ اس صورتحال کے باعث اوگرا کوٹہ سسٹم ختم کرکے بولی کا نظام متعارف کروانے کی کوشش کر رہا ہے۔ ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن کے مرکزی رہنما رانا عبدالجبار نے بتایا کہ ایل پی جی مہنگی فروخت کرنے کے ذمہ دار ڈسٹری بیوٹرز نہیں بلکہ پلانٹس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پلانٹس سے ایل پی جی تقریباً ساڑھے پانچ سو روپے فی کلو کے حساب سے مل رہی ہے تو اسے اوگرا کے مقرر کردہ نرخوں پر کیسے فروخت کیا جاسکتا ہے؟ رانا عبدالجبار نے کہا کہ اوگرا کا قیمتوں سے متعلق نوٹیفکیشن بھی درست نہیں، اس میں نقل وحمل سمیت دیگر اخراجات 2016 کے مقرر کردہ نرخوں کے مطابق شامل کیے گئے ہیں جبکہ گزشتہ 10 برسوں میں اخراجات میں نمایاں اضافہ ہوچکا ہے

بقیہ جات 32

پارٹی رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے انتظامی یونٹس عام آدمی کے مسائل کے حل، بہتر طرز حکمرانی اور عوام کو سہولیات کی فراہمی میں معاون ثابت ہوں گے جس کے لئے کے پی کے میں ہزارہ صوبہ، سندھ میں کراچی اور حیدرآباد جبکہ پنجاب میں جنوبی پنجاب سمیت مختلف امور پر پہلے ہی اتفاق رائے پایا جاتا ہے اور مختلف سیاسی جماعتوں کے مابین معاملات مفاہمت کے نزدیک ہیں صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے کہا کہ گزشتہ 80 برسوں کے دوران ملک کی آبادی میں ہونے والے غیر معمولی اضافے نے نئے انتظامی انتظامات کی ضرورت کو مزید اجاگر کردیا ہے، عوام کی بہتر خدمت اور انتظامی امور میں بہتری کے لیے زمینی حقائق کو مدنظر رکھنا ہوگا۔ انہوں نے واضح کیا کہ انفرادی سیاست کو ملک کے مجموعی مفادات پر ترجیح نہیں دی جاسکتی اور قومی معاملات میں سب کو وسیع تر ملکی مفاد کو سامنے رکھنا چاہیے۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے فیصل آباد آمد پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ موٹروے ایم 4 کی توسیع کا وعدہ پورا کردیا ہے اور فیصل آباد کے عوام کو درپیش دیرینہ مطالبے پر عملی پیش رفت کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیصل آباد ملک کا اہم صنعتی وکاروباری مرکز ہے

بقیہ جات 33

روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم دے دیا۔ اسد قیصر کی 9، عاطف خان کی 4، لطیف کھوسہ کی 3 اور فیصل امین گنڈا پور کی 6 مقدمات میں ضمانت منظور ہوئی۔ عدالت نے چاروں ملزمان کی ضمانتیں 11 فروری تک منظور کی ہیں۔ عدم حاضری پر چند روز قبل چاروں ملزمان کی ضمانتیں خارج کردی گئی تھیں۔ ملزمان کی جانب سے دوبارہ ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواستیں دائر کی گئی تھیں۔

بقیہ جات 34

غیر ملکی ٹی وی کے مطابق مقدمے کی وجہ 2003 میں جیفری ایپسٹین کی 50 ویں سالگرہ کے موقع پر تیار کی گئی یادگاری کتاب سے متعلق اخبار کی ایک رپورٹ تھی، جس میں مبینہ طور پر ٹرمپ کے نام سے منسوب ایک خط اور خاتون کی تصویر شامل تھی۔ ڈرٹرمپ نے خط لکھنے اور اس پر دستخط کرنے کی تردید کرتے ہوئے رپورٹ کو جعلی قرار دیا تھا اور اخبار پر ساکھ کو نقصان پہنچانے کا الزام عائد کیا تھا۔

بقیہ جات 35

کووین کے فٹ بورڈ پر کھڑا کرکے سفر کرانے پر بھی پابندی ہے۔ مراسلے میں کہا گیا کہ اسکول ٹرانسپورٹ کے لیے سندھ حکومت کا فٹنس سرٹیفکیٹ لازمی قرار دیا گیا ہے، فٹنس سرٹیفکیٹ کی کاپی گاڑی میں موجود ہونا ضروری ہے جب کہ حفاظتی ہدایات کی خلاف ورزی پر متعلقہ اسکول انتظامیہ کے خلاف کارروائی ہوگی۔ مراسلے کے مطابق نجی تعلیمی اداروں کو تمام حفاظتی ضوابط پر سختی سے عمل درآمد کرائیں، طلبہ کی جان وسلامتی پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ جات 36

نے جرم میں معاونت ثابت نہ ہونے پر شریک ملزم شاہزیب کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کردیا۔ واضح رہے کہ ملزم نے میٹرک کے طالب علم کو مبینہ طور پر دھوکے سے ڈرائنگ روم میں بند کرکے گن پوائنٹ پر ہراساں کرکے طالب علم کی رضامندی کے بغیر نازیبا ویڈیو ریکارڈ کی تھی۔

بقیہ جات 37

ہے، بوتلوں اور کین کے ذریعے گاڑیوں کے انجن کو پیٹرول فراہم کرنا خطرناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسکول وینز میں مقررہ گنجائش سے زائد طلبہ کو بٹھانے پر بھی پابندی ہے، طلبہ کو وین کے فٹ بورڈ پر کھڑا کرکے سفر کرانے پر بھی پابندی ہے۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ اسکول ٹرانسپورٹ کے لیے سندھ حکومت کا فٹنس سرٹیفکیٹ لازمی قرار دیا گیا ہے، فٹنس سرٹیفکیٹ کی کاپی گاڑی میں موجود ہونا ضروری قرار دی گئی ہے۔ محکمہ تعلیم سندھ کے مطابق حفاظتی ہدایات کی خلاف ورزی پر متعلقہ اسکول انتظامیہ کے خلاف کارروائی ہوگی، نجی تعلیمی اداروں کو تمام حفاظتی ضوابط پر سختی سے عمل درآمد کروائیں، طلبہ کی جان وسلامتی پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا

بقیہ جات 38

اور سروس بحال کرنے کے لیے کام جاری ہے۔ وزارت کے مطابق حملے کے باعث ایپ کے ذریعے عوام تک گمراہ کن اطلاعات پہنچائی گئیں، تاہم اس حوالے سے مزید تفصیلات جاری نہیں کی گئیں۔

بقیہ جات 39

پاگل پن کا اقدام ہوگا، جس سے صرف مزید تشدد اور تباہی پھیلے گی۔ انہوں نے اپیل کی کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر اثر ورسوخ رکھنے والے افراد اپنی تمام تر کوششیں کریں تاکہ انہیں ایسے اقدام سے باز رکھا جا سکے۔ واضح رہے کہ محمد البرادعی اور عالمی جوہری توانائی ایجنسی کو 2005 میں جوہری توانائی کے فوجی مقاصد کے لیے استعمال کی روک تھام کی کوششوں پر مشترکہ طور پر نوبل امن انعام سے نوازا گیا تھا۔ وہ 2013 میں مختصر عرصے کے لیے مصر کے نائب صدر بھی رہے۔

بقیہ جات 40

ختم کرنے میں ناکامی کا ملبہ ڈالنے کے لیے مبینہ طور پر قربانی کا بکرا تلاش کر رہے ہیں، یاد رہے کہ ایران سے جنگ کے معاملے میں جنرل ڈین کین کا دفتر بھی بظاہر صورتحال سے پوری طرح آگاہ نہیں تھا، ابتدا میں ان کے دفتر نے ایک بیان جاری کرتے ہوئے بریٹ سلویا کی کئی دہائیوں پر محیط خدمات پر ان کا شکریہ ادا کیا، تاہم چند گھنٹوں بعد اسی بیان سے متعلق وضاحت جاری کی گئی کہ سابقہ بیان برطرفی کے مکمل حالات کی درست عکاسی نہیں کرتا تھا۔

بقیہ جات 41

آئی جی سندھ اور ڈی آئی جی شہید بینظیر آباد سے مطالبہ کیا کہ ان کے شوہر کو بازیاب کرایا جائے، مبینہ سود خور کے خلاف کارروائی کی جائے اور انہیں انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ جات 42

مطابق ایچ ای سی نے پیر کو ایک مرتبہ پھر عوامی انتباہ میں کہا کہ کمیشن کے علم میں آیا ہے کہ بعض افراد خود کو تصدیقی ایجنٹ ظاہر کر کے درخواست گزاروں کو تعلیمی دستاویزات کی تصدیق کے حصول میں معاونت کی پیشکش کر رہے ہیں۔ کمیشن نے عوام کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ممکنہ دھوکہ دہی اور جعلسازی سے محفوظ رہنے کے لئے ایسے غیر مجاز افراد سے محتاط رہیں اور اپنی ذاتی معلومات، تعلیمی کوائف اور دستاویزات ان کے ساتھ شیئر نہ کریں۔ ایچ ای سی کے مطابق تعلیمی اسناد کی تصدیق کا تمام عمل مکمل طور پر آن لائن اور کاغذ کے بغیر انجام دیا جارہا ہے جس کے ذریعے درخواست گزار گھر بیٹھے تیز رفتار اور آسان طریقے سے اپنی درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔ کمیشن نے درخواست گزاروں پر زور دیا ہے کہ وہ کسی ایجنٹ یا درمیانی شخص کی خدمات حاصل کرنے کے بجائے اپنی تصدیق کی درخواستیں خود ایچ ای سی کی سرکاری ویب سائٹ www.hec.gov.pk پر دستیاب ہدایات کے مطابق جمع کرائیں۔ ایچ ای سی نے مزید رہنمائی کے لئے ہیلپ ڈیسک سے یا فون نمبر 051-111-119-432 اور 0334-1119432 پر رابطہ کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ جات 43

تھے۔ وفاقی سیکرٹری اطلاعات اشفاق احمد خلیل سمیت وزارت اطلاعات کے سینئر حکام بھی اجلاس میں موجود تھے۔ اجلاس میں پی ٹی وی ڈرامہ اینڈ فلم اکیڈمی کی بحالی، پی ٹی وی ہوم کی ری برینڈنگ کے لئے تربیتی پروگراموں، جدید تکنیکی سہولیات اور عملی تربیت پر مبنی مختلف ماڈلز کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں نجی شعبے کے اشتراک سے پی ٹی وی ڈرامہ اینڈ فلم اکیڈمی کے لیے مختلف تربیتی ماڈلز پیش کیے گئے جن کا مقصد نوجوانوں کو عملی تربیت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ پی ٹی وی کے لیے آمدن کے نئے ذرائع پیدا کرنا ہے۔ اجلاس میں اکیڈمی کے لیے جدید کلاس روم اور اسٹوڈیو لیب کی تیاری، طلبہ کے لیے ورک سٹیشنز کی تنصیب، تکنیکی عملے اور ٹرینرز کی تعیناتی اور نصاب کی تشکیل سے متعلق امور کا بھی جائزہ لیا گیا

بقیہ جات 44

پریس کلب ڈاکٹر فرقان راؤ نے جرمن سفیر کو نیشنل پریس کلب آمد پر خوش آمدید کہتے ہوئے انہیں نیشنل پریس کلب کی تاریخ، صحافتی سرگرمیوں، ادارہ جاتی کردار اور صحافیوں کی فلاح وبہبود کے لیے کیے جانے والے اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ بھی دی۔ ڈاکٹر فرقان راؤ نے کہا کہ جرمنی پاکستان کا ایک اہم ترقیاتی شراکت دار ہے اور دونوں ممالک کے درمیان تجارت، تعلیم، ترقیاتی منصوبوں اور جمہوری اداروں کے استحکام سمیت مختلف شعبوں میں دیرینہ تعاون موجود ہے۔ جرمنی پاکستانی نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع اور وظائف فراہم کرنے میں بھی اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ میٹ دی پریس پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے جرمن سفیر ڈاکٹر اِنا لیپل نے پاکستان اور جرمنی کے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو اجاگر کیا اور دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت میں نمایاں اضافے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ کئی برس گزرنے کے باوجود دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم میں مطلوبہ اضافہ نہیں ہوسکا۔ انہوں نے کہا کہ وہ 2017 میں بھی پاکستان میں خدمات انجام دے چکی ہیں اور اب دوبارہ بطور سفیر پاکستان آئی ہیں، تاہم افسوس ہے کہ اس عرصے کے دوران دوطرفہ تجارت کے حجم میں کوئی خاطر خواہ بہتری نہیں آئی۔ جرمن سفیر نے کہا کہ پاکستان اور جرمنی میں معاشی ترقی کے وسیع امکانات موجود ہیں جن سے فائدہ اٹھانے کے لیے دونوں ممالک کو تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری تعاون کے فروغ کے لیے مل کر کام کرنا ہوگا تاکہ دونوں کو یکساں فائدہ پہنچ سکے۔ علاقائی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے جرمن سفیر نے خطے میں کشیدگی کم کرنے، بالخصوص حالیہ امریکہ ایران کشیدگی کے تناظر میں پاکستان کی سفارتی کوششوں کو سراہا۔

بقیہ جات 45

تعارف نائب صدر ڈمبلڈ ور اور بیٹے کا تعارف ننھے ڈوبی کے طور پر کروایا، انہوں نے ہالووین کی مبارک باد دیتے ہوئے لوگوں کو محفوظ رہنے اور خوب مٹھائیاں کھانے کا پیغام بھی دیا۔ جے ڈی وینس نے اپنے اہل خانہ کی ایک تصویر بھی شیئر کی جس میں ان کے بچے بھی ہیری پوٹر کے کرداروں کے لباس میں نظر آئے۔ جے ڈی وینس کے مطابق ان کے بچوں کو ہیری پوٹر کی کہانیوں سے خاص لگاؤ ہے، اسی لیے خاندان نے اس بار ہالووین کے لیے ان ملبوسات کا انتخاب کیا ہے۔

بقیہ جات 46

ٹھیکیداروں کی جانب سے معاہدوں کی خلاف ورزیوں کے باوجود کارروائی نہ کرنے کے باعث 37 کروڑ 85 لاکھ روپے سے زائد کے مالی نقصانات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ آڈٹ سال 25-2024 کے دوران قواعد وضوابط کی پابندی سے متعلق آڈٹ کے پہلے مرحلے میں آڈٹ کے لیے منتخب 28 پرنسپل اکاؤنٹنگ افسران (PAOs) میں سے 14 انتظامی محکموں کا آڈٹ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق جنوری سے دسمبر 2025 کے دوران 11 کروڑ 70 لاکھ 9 ہزار روپے کی ریکوری کی گئی جس کی آڈٹ حکام نے بھی تصدیق کی۔

بقیہ جات 47

کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت کو کے پی کے میں غیر آئینی طور پر ختم کیا گیا، وہاں ایک غیر اعلانیہ مارشل لا لگا ہوا ہے۔ اخونزادہ حسین یوسفزئی نے کہا کہ حکومت کی جانب سے مذاکرات کے حوالے سے کوئی سنجیدگی نظر نہیں آرہی، مذاکرات اصولوں کی بنیاد پر ہوں ناکہ سرنڈر کی بنیاد پر، 4 نومبر کو متحدہ اپوزیشن کا اجلاس بلانے جارہے ہیں جس میں آل پارٹیز کانفرنس کی تاریخ کا حتمی فیصلہ ہوگا۔ آل پارٹیز کانفرنس میں پیپلز پارٹی کو دعوت دینے یا نہ دینے سے متعلق ترجمان اپوزیشن اتحاد نے کہا کہ ہم نے پہلے پیپلز پارٹی کو دعوت دے کر غلطی کی، پیپلز پارٹی نے بدلے میں خیبر پختون خوا میں کو کیا دیا اس پر ہم دعوت دینے پر شرمندہ ہیں

بقیہ جات 48

کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت کو کے پی کے میں غیر آئینی طور پر ختم کیا گیا، وہاں ایک غیر اعلانیہ مارشل لا لگا ہوا ہے۔ اخونزادہ حسین یوسفزئی نے کہا کہ حکومت کی جانب سے مذاکرات کے حوالے سے کوئی سنجیدگی نظر نہیں آرہی، مذاکرات اصولوں کی بنیاد پر ہوں ناکہ سرنڈر کی بنیاد پر، 4 نومبر کو متحدہ اپوزیشن کا اجلاس بلانے جارہے ہیں جس میں آل پارٹیز کانفرنس کی تاریخ کا حتمی فیصلہ ہوگا۔

بقیہ جات 49

تھا۔ انہوں نے بتایا کہ ایک مرتبہ کوشش کرکے اسے سرنڈر بھی کروایا گیا تاہم وہ دوبارہ تنظیم میں چلا گیا۔ محمد حیات کے مطابق 2 دن قبل انہیں معلوم ہوا کہ شکیل احمد گوادر میں دہشت گردی کی کارروائی انجام دیتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کے ہاتھوں ہلاک ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے خاندان کا شکیل احمد کی سرگرمیوں سے کوئی تعلق نہیں اور بھائی کی جانب سے غلط راستہ اختیار کرنے پر وہ شدید شرمندہ ہیں۔ انہوں نے دیگر والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کی سرگرمیوں پر نظر رکھیں اور انہیں تعلیم دلوائیں، محمد حیات نے کہا کہ ان کا خاندان پاکستان کا وفادار ہے۔

بقیہ جات 50

کسانوں کو سستی، صاف اور ماحول دوست آبپاشی کی سہولت فراہم کی گئی ہے، شمسی توانائی کے استعمال سے بجلی کے بھاری اخراجات میں کمی آئی ہے، جبکہ پانی کی قلت پر قابو پانے میں بھی مدد ملی ہے۔ دشت وبلی کے کھیتوں میں لوٹتی ہریالی گرین پاکستان انیشیٹیو کے تحت زرعی ترقی اور خوشحالی کے نئے امکانات کی عکاس ہے۔

بقیہ جات 51

کہ ٹک ٹاکر مفرور ہے اور اپنا اثر ورسوخ استعمال کرکے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ بے لگام سوشل میڈیا معاشرے اور ریاست کے لئے زہر قاتل ثابت ہوسکتا اس کا احتساب ہونا چاہیے، یہ ٹک ٹاکر کروڑوں نہیں اربوں کمارہے ہیں کیا ٹیکس قوانین ان کو ریگولیٹ کررہی ہیں؟

بقیہ جات 52

والے وکلاء کو چاہیے کہ وہ محنت اور لگن سے سائلین کو انصاف کی فراہمی کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں کالے کورٹ کا تقدس اور عزت برقرار رکھنا ہم سب کا فرض ہے اس لئے نئے آنے والے وکلاء کو چاہیے کہ وکالت میں محنت کرتے ہوئے کالے کورٹ کا تقدس اور پروفیشن سے مخلص ہوکر اس پر لگے

بقیہ جات 53

رکھی ہے۔ جسٹس اشتیاق ابراہیم کی جانب سے تحریر کردہ فیصلے کے مطابق سپریم کورٹ کے تین رکنی بنچ نے 21 اکتوبر 2026 کو فریقین کے دلائل سننے کے بعد فوجداری درخواست کو اپیل میں تبدیل کرتے ہوئے جزوی طور پر منظور کیا۔ بنچ میں جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ، جسٹس صلاح الدین پنہور اور جسٹس اشتیاق ابراہیم شامل تھے۔ مقدمے کے مطابق دونوں بھائیوں پر 18 فروری 2019 کو نوشہرہ کلاں میں کفایت اللہ کو فائرنگ کرکے قتل کرنے کا الزام تھا۔ مقتول نے زخمی حالت میں ہسپتال میں بیان دیا تھا جبکہ اعجاز خان کو واقعہ کا عینی شاہد قرار دیا گیا تھا

بقیہ جات 54

ہیں، تاہم محتاط رہنے کی ضرورت ہے کیونکہ ایران کو ایسے دشمنوں کا سامنا ہے جو شخصیات کو نشانہ بنانا چاہتے ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ ایران نے صرف امریکی فوجی اڈوں کو نشانہ بنایا، خلیجی ہمسایہ ممالک کو نہیں، ایران نے خطے کے ممالک کو پہلے ہی آگاہ کردیا تھا کہ امریکی حملے کی صورت میں خطے میں موجود امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا جائے گا۔ عباس عراقچی کا کہنا تھا کہ خلیجی ممالک میں ایرانی میزائل گرنے کی ذمے داری ایران پر عائد نہیں ہوتی، دوست ممالک اب سمجھ چکے ہیں کہ امریکی فوجی اڈے انہیں تحفظ فراہم نہیں کرسکتے بلکہ اپنی حفاظت کرنے کی صلاحیت بھی نہیں رکھتے۔ انہوں نے خطے کے ممالک پر زور دیا کہ وہ ایران کے خلاف نئی امریکی جنگ کی حمایت نہ کریں اور امریکا کو نئی جنگ سے روکنے میں اپنا کردار ادا کریں، جنگ کی حوصلہ افزائی کے بجائے کشیدگی کم کرنے کی کوشش کی جائے۔ عباس عراقچی نے امید ظاہر کی کہ خطے کے ممالک ماضی کے واقعات سے سبق سیکھ چکے ہوں گے۔

بقیہ جات 55

ہے کہ پانی سے متعلق پالیسیوں کے ثمرات کسانوں اور سیلاب و پانی کی قلت سے متاثرہ آبادیوں تک پہنچائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو پانی کی قلت، تباہ کن سیلابوں اور خشک سالی جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے جن سے نمٹنے کے لئے جامع قومی حکمت عملی اور وفاقی وصوبائی سطح پر مربوط اقدامات ناگزیر ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے آبی وسائل کے تحفظ کے لئے قابل عمل قانون سازی، مؤثر نگرانی اور مستقل مالی وسائل کی فراہمی کو بنیادی ضروریات قرار دیتے ہوئے

بقیہ جات 56

ریکارڈ کی گئی۔ اعداد وشمار کے مطابق اکتوبر میں شہری علاقوں میں مہنگائی کی شرح 81.0 فیصد جبکہ دیہی علاقوں میں 49.1 فیصد بڑھی، اکتوبر میں غذائی اشیا کی قیمتوں میں ماہانہ بنیادوں پر 26.2 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ مرغی کا گوشت 38.19 فیصد، دال چنا 17.9 فیصد، گندم 01.9 فیصد اور آٹا 54.7 فیصد مہنگا ہوا۔ تازہ سبزیوں کی قیمتوں میں 55.6 فیصد، انڈوں میں 72.5 فیصد اور دال ماش میں 54.5 فیصد اضافہ ہوا۔ دوسری جانب ٹماٹر کی قیمت میں 63.31 فیصد، پیاز میں 23.4 فیصد، آلو میں 04.4 فیصد اور چینی کی قیمت میں 17.2 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق اکتوبر میں ٹرانسپورٹ کے شعبے میں مہنگائی 79.1 فیصد بڑھی، جبکہ رہائش، بجلی، گیس اور ایندھن کے اخراجات میں 25.0 فیصد اضافہ ہوا۔ مائع ہائیڈروکاربنز کی قیمتوں میں 39.8 فیصد، موٹر فیول میں 3 فیصد، کاٹن کپڑے میں 22.1 فیصد، کرایہ مکان میں 94.0 فیصد اور ادویات کی قیمتوں میں 90.0 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اعداد وشمار کے مطابق اکتوبر میں متفرق اشیا اور خدمات کی قیمتوں میں 71.0 فیصد جبکہ بجلی کے نرخوں میں 31.3 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ جات 57

تقسیم ہند کا نامکمل باب ہے، کشمیری عوام گزشتہ 79 برس سے حق خودارادیت کی جدوجہد کر رہے ہیں، حریت قیادت کی مسئلہ کشمیر کو زندہ رکھنے کی کوششیں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنا چاہتے ہیں اور حق خودارادیت کے ذریعے پاکستان کے حق میں فیصلہ کرنا چاہتے ہیں، کشمیری عوام چاہتے ہیں

درستگی نام

میں عبداللہ ولد امتیاز میٹرک کا امتحان زیر رولنمبر 288102 بورڈ آف انٹرمیڈیٹ لاہور سے پاس کر چکا ہوں۔ میری سند پر میرا نام عبداللہ امتیاز درج ہے جو کہ درست نہ ہے میں اپنا نام عبداللہ امتیاز سے عبداللہ ولد امتیاز احمد کرانا چاہتا ہوں۔ اگر کسی شخص/ادارے/ایجنسی کو کوئی اعتراض ہو تو پندرہ یوم کے اندر اندر سیکرٹری بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، 86 مزنگ روڈ لاہور کو تحریری طور پر مطلع کرے۔ المشتہر: عبداللہ ولد امتیاز احمد ساکن امتیاز کوٹیج سلطان محمود روڈ نزد آل ابراہیم ٹرسٹ شالیمار ٹاؤن لاہور

پاکستان میں پہلی مرتبہ کلر گریڈنگ کی جدید تربیت فراہم کی جائے گی، عطا اللہ تارڑ

فلم انڈسٹری اور نجی شعبہ بھی مستفید ہوگا، وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ کی پی ٹی وی اکیڈمی کی بحالی کیلئے اجلاس میں گفتگو

پی ٹی وی اکیڈمی کو ایک موثر تربیتی مرکز بنانے کے ساتھ مالی طور پر پائیدار ادارہ بنانے کے لئے بھی اقدامات کئے جائیں گے۔

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے پی ٹی وی اکیڈمی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تربیتی مرکز بنانے اور نوجوانوں کو فلم، ڈرامہ اور ڈیجیٹل مواد کی تیاری میں پیشہ ورانہ مہارتیں فراہم کرنے کے لیے جامع حکمت عملی اختیار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں پہلی مرتبہ کلر گریڈنگ کی جدید تربیت فراہم کی جائے گی جس سے فلم انڈسٹری اور نجی شعبہ بھی مستفید ہو سکے گا، پی ٹی وی اکیڈمی کو جدید تقاضوں کے مطابق ایک موثر اور مالی طور پر پائیدار تربیتی ادارہ بنایا جائے گا۔ وہ پی ٹی وی اکیڈمی کی بحالی کے لئے اعلیٰ سطح کے اجلاس کی صدارت کر رہے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 43)



رائے ونڈ: اسسٹنٹ کمشنر بابر علی رائے ناظم اجتماع ڈاکٹر ندیم اشرف سے انتظامات کے حوالے سے تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔

ایل پی جی مافیا بے لگام، لاہور سمیت ملک بھر میں سرکاری نرخوں پر گیس کی فراہمی ناممکن ہوگئی

ایل پی جی پمپس ضبط کیے جانے کے اخراجات بھی صارفین سے وصول کیے جانے لگے، رپورٹ

لاہور (سٹاف رپورٹر) ملک بھر میں ایل پی جی سرکاری نرخوں پر دستیاب نہ ہوسکی، دکانداروں کے خلاف کارروائیوں کے باوجود قیمتوں میں کمی نہ آسکی، ایل پی جی پمپس ضبط کیے جانے کے اخراجات بھی صارفین سے وصول کیے جانے لگے جبکہ ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن نے آئندہ ماہ سے سرکاری قیمت پر فروخت کی امید ظاہر کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ حکومت کے ساتھ قیمتوں کے تعین کا فارمولا طے پا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق موسم کی تبدیلی اور توانائی بحران کے باعث (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 31)



وزیر خارجہ اسحاق ڈار چین کی کمیونسٹ پارٹی کے وزیر لیو ہائی شنگ کے ہمراہ خطاب

موجودہ ملکی اور عالمی حالات میں ہر شہری کو ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، وزیر مواصلات

نئے صوبوں کے قیام کے لیے رائے عامہ کا ہموار ہونا اور سیاسی جماعتوں کے درمیان ہم آہنگی پیدا ہونا خوش آئند امر ہے، علیم خان

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) صدر استحکام پاکستان پارٹی اور وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ موجودہ ملکی اور عالمی حالات میں ہر شہری کو ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، نئے صوبوں کے قیام کے لیے رائے عامہ کا ہموار ہونا اور سیاسی جماعتوں کے درمیان ہم آہنگی پیدا ہونا خوش آئند امر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دورہ فیصل آباد میں مقامی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 32)

26 نومبر احتجاج، اسد قیصر، عاطف خان، لطیف کھوسہ، فیصل گنڈا پور کی ضمانت قبل از گرفتاری منظور

اسد قیصر کی 9، عاطف خان کی 4، لطیف کھوسہ کی 3 اور فیصل امین گنڈا پور کی 6 مقدمات میں 11 فروری تک ضمانتیں منظور ہوئیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) انسدادِ دہشت گردی عدالت نے 26 نومبر احتجاج کیس میں پی ٹی آئی رہنماں اسد قیصر، عاطف خان، لطیف کھوسہ اور فیصل امین گنڈا پور کی درخواستِ ضمانت قبل از گرفتاری منظور کرلی۔ پیر کو انسدادِ دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں پی ٹی آئی رہنماں کے خلاف 26 نومبر احتجاج اور سپریم کورٹ کیسز پر سماعت ہوئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے چاروں ملزمان کی ضمانتیں منظور کرلیں اور چاروں ملزمان کو 5، 5 ہزار (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 33)



لاہور: ایک محنت کش ہتھ ریڑھی پر مٹی کی رنگ برنگی اور خوبصورت اشیاء فروخت کر رہا ہے۔

ٹرمپ کو بڑا قانونی دھچکا، اپسٹین سے متعلق خبر پر امریکی اخبار کیخلاف 10 ارب ڈالرز ہرجانے کا مقدمہ خارج

واشنگٹن (سٹاف رپورٹر) امریکی وفاقی عدالت نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے امریکی اخبار اس کی مالک کمپنی نیوز کارپوریشن، میڈیا شخصیت روپرٹ مرڈوک اور اخبار کے صحافیوں کے خلاف دائر 10 ارب ڈالرز ہرجانے کا ہتک عزت کا مقدمہ مستقل طور پر خارج کر دیا۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 34)

کراچی، اسکول وینز میں گیس سلینڈر لگانے اور گنجائش سے زائد طلبہ بٹھانے پر پابندی عائد

کراچی (سٹاف رپورٹر) وزیر تعلیم نے اسکول وینز میں سی این جی اور ایل پی جی سلینڈرز پر سخت پابندی عائد کردی۔ صوبائی وزیر تعلیم کی ہدایات پر نجی اسکولوں کو حفاظتی احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں جس کے تحت اسکول وینز میں غیر محفوظ طریقے سے پیٹرول کی فراہمی پر بھی پابندی عائد ہے۔ وزیر تعلیم کی جانب سے جاری مراسلے میں کہا گیا کہ بوتلوں اور کین کے ذریعے گاڑیوں کے انجن کو پیٹرول فراہم کرنا خطرناک ہے اور اسکول وینز میں مقررہ گنجائش سے زائد طلبہ کو بٹھانے پر پابندی ہے، طلبہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 35)

16 سالہ لڑکے کو ہراساں کرنے اور نازیبا ویڈیو بنانے والے ملزم کو 7 سال قید بامشقت کی سزا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے 16 سال کے لڑکے کو ہراساں کرنے اور نازیبا ویڈیو بنانے کے کیس میں ملزم کو 7 سال قید بامشقت کی سزا سنادی۔ اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ کے جج محمد افضل مجوکا نے 16 سال کے لڑکے کو ہراساں کرنے اور نازیبا ویڈیو بنانے کے پیکا کیس کا فیصلہ سنادیا۔ عدالت نے ملزم راجا حارث نوید کو 7 سال قید بامشقت کی سزا سنائی اور 10 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا جب کہ جرمانے کی عدم ادائیگی پر 6 ماہ قید بھگتنا ہوگی۔ عدالت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 36)

سندھ، اسکول وینز میں سی این جی اور ایل پی جی سلنڈرز پر سخت پابندی عائد

کراچی (سٹاف رپورٹر) کراچی سمیت سندھ بھر میں اسکول وینز میں سی این جی اور ایل پی جی سلنڈرز پر سخت پابندی عائد کردی گئی۔ وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ کی ہدایات پر نجی اسکولوں کو حفاظتی احکامات جاری کر دیے گئے۔ سید سردار علی شاہ نے کہا ہے کہ اسکول وینز میں غیر محفوظ طریقے سے پیٹرول کی فراہمی پر بھی پابندی عائد (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 37)

پاکستان اور جرمنی میں معاشی ترقی کے وسیع امکانات موجود ہیں، ڈاکٹر اِنا لیپل

پاکستان نے خطے میں امن، استحکام کیلئے قابلِ تحسین سفارتی اقدامات کیے ہیں، جرمن سفیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں جرمنی کی سفیر ڈاکٹر انا لیپل نے نیشنل پریس کلب اسلام آباد کے بین الاقوامی روابط کے اقدام "میٹ دی پریس" کے تحت صحافیوں کے ساتھ ایک خصوصی نشست میں شرکت کی۔ دورے کے دوران سفیر نے نیشنل پریس کلب کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا اور بعد ازاں کلب کے احاطے میں دوستی اور ماحولیاتی پائیداری کی علامت کے طور پر پودا بھی لگایا۔ جرمن سفیر کا نیشنل پریس کلب آمد پر صدر نیشنل پریس کلب عبدالرزاق سیال، سیکرٹری ڈاکٹر فرقان راؤ، گورننگ باڈی کے ارکان اور سینئر صحافیوں نے پرتپاک استقبال کیا۔ صدر این پی سی نے جرمن سفیر کو پریس کلب آمد پر خوش آمدید کہا اور اس امید کا اظہار کیا کہ یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا، اس موقع پر سیکرٹری نیشنل (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 44)



لاہور: گرین ٹاؤن کی رہائشی فیملی اپنے مطالبات کے حق میں پریس کلب کے باہر مظاہرہ کر رہی ہیں۔

ایچ ای سی کا تعلیمی اسناد کی تصدیق کے نام پر جعلساز ایجنٹوں سے خبردار رہنے کا انتباہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) نے تعلیمی اسناد کی تصدیق کے نام پر خود کو ایجنٹ ظاہر کرنے والے غیر مجاز افراد سے خبردار کرتے ہوئے درخواست گزاروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ ایسے افراد کو اپنی ذاتی اور تعلیمی معلومات فراہم کرنے سے گریز کریں۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 42)

سود کی ادائیگی کیلئے ماں کا 4 بچوں کو فروخت کرنے کا اعلان

مبینہ سودخور کے خلاف کارروائی کی جائے اور انہیں انصاف فراہم کیا جائے، متاثرہ خاتون کا مطالبہ

نواب شاہ (سٹاف رپورٹر) نواب شاہ کی تحصیل قاضی احمد میں مبینہ سودخوری سے پریشان خاتون نے قرض کی رقم ادا کرنے کے لیے اپنے چار بچوں کو فروخت کرنے کا اعلان کردیا۔ شمشاد بی بی پریس کلب پہنچیں، جہاں انہوں نے الزام لگایا کہ مبینہ سودخور انور شاہ لکھیاری ان سے 20 لاکھ روپے کا مطالبہ کر رہا ہے۔ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے شمشاد بی بی کا کہنا تھا کہ وہ سود کی رقم ادا کرنے کے لیے اپنے بچوں کو فروخت کرنے پر مجبور ہیں، انہوں نے الزام عائد کیا کہ ان کے شوہر اللہ رکھیو کھوکھر کو بھی مبینہ طور پر پولیس کے ذریعے لاپتا کروایا گیا ہے۔ متاثرہ خاتون نے وزیر داخلہ سندھ، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 41)

روس کی وزارتِ ہنگامی حالات کی موبائل ایپ پر سائبر حملہ

ماسکو (سٹاف رپورٹر) روس کی وزارت ہنگامی حالات کی موبائل ایپ پر بڑے پیمانے پر سائبر حملہ کیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق اس کے نتیجے میں عوام کو ممکنہ خطرات سے متعلق جعلی معلومات بھیجی گئیں۔ روسی وزارت ہنگامی حالات نے سائبر حملے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ایپ میں موجود تکنیکی خامیوں کو دور کرنے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 38)

ایران پر امریکا کا نیا حملہ پاگل پن کا اقدام ہوگا، نوبل امن انعام یافتہ محمد البرادعی

قاہرہ (سٹاف رپورٹر) مصری سیاست دان اور سابق سربراہ عالمی جوہری توانائی ایجنسی محمد البرادعی نے خبردار کیا ہے کہ امریکا کی جانب سے ایران پر نئے حملوں کی صورت میں مشرق وسطیٰ کو بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں محمد البرادعی نے کہا کہ ایران پر امریکا کا کوئی بھی نیا حملہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 39)

کوٹ رادھا کشن، ٹریکٹر ٹرالی نے موٹر سائیکل کو کچل دیا، اسکول جاتے 2 بچے جاں بحق

کوٹ رادھا کشن (سٹاف رپورٹر) کوٹ رادھا کشن میں اسکول جاتے ہوئے 2 بچے ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثہ کوٹ رادھا کشن کے بھمب خورد بائی پاس پر پیش آیا۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ 10 سالہ حسین عبداللہ اور 6 سالہ حسن علی موٹر سائیکل پر اسکول جا رہے تھے۔ راستے میں ایک تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی نے موٹر سائیکل کو کچل دیا جس سے دونوں موقع پر جاں بحق ہو گئے۔

امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کا فلم ہیری پوٹر کے 1 کردار میں فوٹو وائرل

واشنگٹن (سٹاف رپورٹر) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے ہالووین کا تہوار منفرد انداز میں مناتے ہوئے خود کو معروف فلم سیریز ہیری پوٹر کے کردار البس ڈمبلڈور کے روپ میں ڈھال لیا جبکہ اپنے شیرخوار بیٹے کو گھر کے بونے ڈوبی کا لباس پہنایا۔ مائیکرو بلاگنگ ویب سائٹ ایکس پر شیئر کی گئی ویڈیو میں جے ڈی وینس لمبی سفید وسرمئی وگ، نوکیلی ٹوپی اور چمکدار چغہ پہنے گھر کے باہر کھڑے دکھائی دیے۔ انہوں نے اپنے بیٹے کو گود میں اٹھا رکھا تھا جس نے ڈوبی کے کردار سے مشابہ بڑے کانوں والی ٹوپی پہن رکھی تھی۔ ویڈیو میں وینس نے اپنا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 45)

خیبر پختونخوا کے 14 محکموں میں 3 ارب 58 کروڑ کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف

پشاور (سٹاف رپورٹر) تحریک انصاف کی خیبر پختونخوا حکومت کے دوران مختلف محکموں کے آڈٹ کے دوران 3 ارب 58 کروڑ روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیوں اور مشکوک اخراجات کا انکشاف ہوا ہے۔ آڈٹ رپورٹ میں ایک ارب 20 کروڑ 50 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے ٹھیکوں کی مشکوک اور غیر شفاف منظوری، ترقیاتی اور تعمیراتی کاموں میں 90 کروڑ 81 لاکھ روپے سے زائد کی اضافی ادائیگیوں، 60 کروڑ روپے سے زائد کے غیر مجاز اخراجات اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 46)

مڈٹرم الیکشن سے قبل ایران جنگ کے خاتمے میں ناکامی پر ٹرمپ کو قربانی کے بکرے کی تلاش

واشنگٹن (سٹاف رپورٹر) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران جنگ ختم کرنے میں ناکامی کا ملبہ ڈالنے کے لیے مبینہ طور پر قربانی کا بکرا تلاش کر رہے ہیں۔ امریکی جریدے کی رپورٹ کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران جنگ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 40)



لاہور: مبینہ فراڈ کا شکار شہری پلے کارڈ اٹھائے پریس کلب کے باہر احتجاج کر رہے ہیں۔

تحریک تحفظ آئین پاکستان کا بیرسٹر سیف کے بیان پر سخت ردعمل، شوکاز نوٹس دینے کا مطالبہ

بیرسٹر سیف کی اب نوکری چلی گئی ہے، ان کا پی ٹی آئی سے بھی کوئی تعلق نہیں، اخونزادہ حسین یوسفزئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) تحریک تحفظ آئین پاکستان نے بیرسٹر سیف کے بیان پر سخت ردعمل دیتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر اور سلمان اکرم راجا سے درخواست کی ہے کہ انہیں شوکاز اور شٹ اپ کال دی جائے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ترجمان تحرک تحفظ آئین پاکستان اخونزادہ حسین یوسفزئی نے کہا کہ بیرسٹر سیف کی اب نوکری چلی گئی ہے، انہیں کوئی لفٹ نہیں کروارہا اوران کا پی ٹی آئی سے بھی کوئی تعلق نہیں ہے، وہ کس حوالے سے پروپیگنڈا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 48)



لاہور: سیکرٹری محکمہ ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر ایمرجنسی سروسز ہیڈ کوارٹرز میں ماہانہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

گوادر میں ہلاک دہشت گرد کے والد اور بھائی کی پریس کانفرنس، ندامت کا اظہار

والدین اپنے بچوں کی سرگرمیوں پر نظر رکھیں اور انہیں تعلیم دلوائیں، اہل خانہ

گوادر (سٹاف رپورٹر) گوادر میں سیکیورٹی فورسز کے ہاتھوں ہلاک ہونے والے فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد شکیل احمد کے بھائی اور والد نے پریس کانفرنس میں ندامت کا اظہار کیا ہے۔ پنجگور کے علاقے پروم کے رہائشی محمد حیات نے اپنے والد عبدالعزیز کے ہمراہ گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ان کا بھائی شکیل احمد 5 سال قبل فتنہ الہندوستان نامی کالعدم تنظیم کے بہکاوے میں آ کر گھر چھوڑ گیا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 49)

دشت ویلی میں گرین پاکستان انیشیٹو کے تحت بنجر زمینیں سرسبز کھیتوں میں تبدیل

منصوبے کے پہلے مرحلے میں 3 ہزار 300 ایکڑ اراضی کو ہموار کیا گیا

دشت (سٹاف رپورٹر) دشت ویلی میں گرین پاکستان انیشیٹو کے تحت بنجر زمینیں سرسبز کھیتوں میں تبدیل ہونے لگی ہیں، جس سے زرعی ترقی کے نئے امکانات پیدا ہو رہے ہیں، منصوبے کے پہلے مرحلے میں 3 ہزار 300 ایکڑ اراضی کو ہموار کیا گیا تا کہ آبپاشی کیلئے پانی کی یکساں فراہمی یقینی بنائی جا سکے، مقامی کسانوں کو جدید زرعی طریقوں سے روشناس کرانے اور ان کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کیلئے بھی خصوصی اقدامات کئے گئے ہیں۔ اسی طرح شمسی ٹیوب ویلز کی تنصیب سے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 50)



لاہور: شہری اردو بازار کے باہر سٹالز سے کتب اور اسٹیشنری کی خریداری میں مصروف ہیں۔

پنجاب میں انسداد پولیو مہم شروع

لاہور میں 22 لاکھ 85 ہزار، راولپنڈی 9 لاکھ 90 ہزار، ملتان 10 لاکھ، رحیم یار خان میں 11 لاکھ بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف مقرر

سربراہ انسداد پولیو پروگرام خالد پرویز کے مطابق لاہور میں انسداد پولیو مہم سات روز تک جاری رہے گی

لاہور، کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) پنجاب کے 13 اور بلوچستان کے 31 اضلاع میں نومبر کی انسداد پولیو مہم کا آغاز ہوگیا ہے، جس کے دوران 93 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ مہم کے لیے 77 ہزار سے زائد اہلکار خدمات انجام دیں گے۔ سربراہ انسداد پولیو پروگرام خالد پرویز کے مطابق لاہور میں انسداد پولیو مہم سات روز تک جاری رہے گی، جبکہ پنجاب کے دیگر 12 اضلاع میں مہم چار روز جاری رہے گی۔ انسداد پولیو ٹیمیں گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی۔ خالد پرویز نے بتایا کہ لاہور میں 22 لاکھ 85 ہزار سے زائد، راولپنڈی میں 9 لاکھ 90 ہزار، ملتان میں 10 لاکھ سے زائد جبکہ رحیم یار خان میں 11 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 62)



لاہور: صوبائی دارالحکومت میں سموگ کی وجہ سے فضاء ابر آلود ہے۔

طالبعلم کیساتھ ہراسانی و نامناسب ویڈیو کا کیس؛ ملزم کو 7 سال قید، 10 لاکھ جرمانہ

عدالت نے جرم میں معاونت کا الزام ثابت نہ ہونے پر شریک ملزم کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کر دیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) عدالت نے 16 سالہ طالب علم کو ہراساں کر کے اس کی نامناسب ویڈیو بنانے سے متعلق پیکا کیس میں مرکزی ملزم راجہ حارث نوید کو 7 سال قید بامشقت کی سزا سنا دی۔ ایڈیشنل سیشن جج اسلام آباد محمد افضل مجوکا نے سائبر کرائم مقدمے کا فیصلہ سناتے ہوئے مجرم راجہ حارث نوید پر 10 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا۔ عدالت کے مطابق جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں مجرم کو مزید 6 ماہ قید بھگتنا ہوگی۔ عدالت نے جرم میں معاونت کا الزام ثابت نہ ہونے پر شریک ملزم شاہ زیب معراج کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کر دیا۔ مقدمے کے مطابق مرکزی ملزم نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 63)

نیتن یاہو کے دباؤ پر ٹرمپ ایران کیخلاف جوہری حملے پر غور کر سکتے ہیں، ٹکر کارلسن کا دعویٰ

پہاڑ کے اندر موجود سرنگوں تک رسائی کے لیے امریکی روایتی ہتھیار موثر ثابت نہیں ہو سکتے، گفتگو

واشنگٹن (سٹاف رپورٹر) امریکی صحافی ٹکر کارلسن نے دعویٰ کیا ہے کہ اسرائیلی وزیرِ اعظم نیتن یاہو کے دباؤ پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ مڈٹرم انتخابات کے فوری بعد ایران کے خلاف جوہری ہتھیار استعمال کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ ایکس پر اپنے بیان میں کارلسن نے کہا کہ نیتن یاہو ایران پر دوبارہ فوجی کارروائی کے لیے ٹرمپ انتظامیہ میں اپنے قریبی ساتھیوں پر دباؤ ڈال رہے ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں ممکنہ ہدف وسطی ایران میں واقع پک ایکس ماؤنٹین کو قرار دیا۔ امریکی صحافی کا کہنا تھا کہ پہاڑ کے اندر موجود سرنگوں تک رسائی کے لیے امریکی روایتی ہتھیار موثر ثابت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 64)

پشاور، خطرناک عمارتیں فوری خالی کر کے طلبہ کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کا حکم

کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں متعلقہ اسکول انتظامیہ ذمہ دار ہوگی، ضلعی انتظامیہ کا نوٹس

پشاور (سٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ پشاور نے خستہ حال عمارتوں والے 13 نجی اسکولوں کو نوٹس جاری کرتے ہوئے عمارتیں فوری خالی کرنے اور طلبہ کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ نوٹس کے مطابق انسپکشن ٹیم کی رپورٹ میں اسکولوں کی عمارتیں خستہ حال اور خطرناک قرار دی گئی ہیں، ان عمارتوں میں زیر تعلیم طلبہ و طالبات کی زندگیوں کو خطرات لاحق ہیں، جس کے پیش (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 65)



لاہور: بزرگ شخص اپنے اہل خانہ کا پیٹ پالنے کے لئے پھیری لگا کر لاہوری پوڑا اور سویاں فروخت کر رہا ہے۔

یوتھ فورم فار کشمیر کے 40 رکنی وفد کا دفتر خارجہ کا دورہ، ترجمان نے خیر مقدم کیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) یوتھ فورم فار کشمیر کے 40 رکنی وفد نے پیر کو یہاں دفتر خارجہ کا دورہ کیا۔ وفد کی قیادت یوتھ فورم فار کشمیر کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر زمان باجوہ نے کی۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق دفتر خارجہ کے ترجمان سجاد حیدر خان نے وفد کا خیر مقدم کیا اور انہیں بریفنگ دی۔ ترجمان نے پاکستان کی خارجہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 66)

مظفر گڑھ، بھائی نے زمین کے تنازع پر 8 ماہ کی حاملہ بہن کو قتل کر دیا

مظفر گڑھ (سٹاف رپورٹر) مظفر گڑھ میں وراثتی زمین کے تنازع پر بھائی نے مبینہ طور پر فائرنگ کر کے اپنی حاملہ بہن کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کا مقدمہ مقتولہ کی ساس کی مدعیت میں تھانہ جتوئی میں درج کر لیا گیا ہے۔ مقدمے کے متن کے مطابق ساس نے بتایا کہ اس کی بہو ایک بچے کی ماں اور 8 ماہ کی حاملہ تھی، ملزم اپنی بہن کو وراثت میں ملنے والی 4 کنال سے زائد زمین اپنے نام کرانا چاہتا تھا۔ ایف آئی آر کے مطابق مقتولہ اپنے بھائی کے لیے دکان سے کولڈ ڈرنک لے کر آئی جسے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 67)

موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا سب سے زیادہ بوجھ غریب طبقات برداشت کر رہے ہیں، مصدق ملک

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا سب سے زیادہ بوجھ غریب طبقات برداشت کر رہے ہیں، پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک کو عالمی مالیاتی نظام، بلند شرح سود اور ماحولیاتی تبدیلی کے باعث متعدد چیلنجز کا سامنا ہے، ترقی کو محض معاشی اشاریوں کے بجائے انسانی حقوق، موسمیاتی انصاف اور آئندہ نسلوں کے تحفظ کے تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے، حقیقی پائیدار ترقی کے لیے موسمیاتی آفات سے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 68)



لاہور: محنت کش مزدور کام کی تلاش میں اپنے اوزاروں کے ساتھ گدھاں پر سوار ہو کر جا رہے ہیں۔

کراچی، شوہر نے گھریلو جھگڑے کے دوران بیوی پر تیزاب پھینک دیا

عمر 14 سال ہے، ایک سال قبل شادی ہوئی، متاثرہ لڑکی، بیٹی کی عمر 19 سال ہے، زیشان اور بیٹی نے محبت کی شادی کی تھی، باپ

کراچی (سٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے ابراہیم حیدری میں شوہر نے گھریلو جھگڑے کے دوران تیزاب پھینک کر بیوی کو زخمی کر دیا۔ ابراہیم حیدری میں شوہر کی جانب سے بیوی پر تیزاب پھینکنے کا واقعہ کم عمری کی شادی کا معاملہ بھی نکلا جہاں شوہر ذیشان نے 14 سالہ بیوی نسیما پر تیزاب پھینکا اور فرار ہو گیا جبکہ لڑکی تیزاب سے زخمی ہوئی جسے سول اسپتال کے برنس وارڈ منتقل کیا گیا۔ لڑکی نسیمہ کے بیان کے مطابق اس کی عمر 14 سال ہے، ایک سال قبل شادی ہوئی، متاثرہ لڑکی کے مطابق شوہر نے تیزاب پھینکا، وہ ہر روز مارتا ہے۔ متاثرہ کم عمر لڑکی نسیمہ کے والد اکبر نے برنس وارڈ کے باہر نجی ٹی وی سے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 61)

پی ٹی آئی سے مذاکرات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، گورنر کے پی

پی ٹی آئی کی 4 فرنچائز ہیں، ایک جماعت اپنے چیئرمین، جنرل سیکرٹری، اسپیکر کو نہیں مانتی تو ہمیں کیا مانیں گے، فیصل کریم کنڈی

پشاور (سٹاف رپورٹر) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سے مذاکرات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، پی ٹی آئی کی 4 فرنچائز ہیں، ایک جماعت اپنے چیئرمین، جنرل سیکرٹری، اسپیکر کو نہیں مانتی تو ہمیں کیا مانیں گے۔ نجی ٹی وی کے مطابق گورنر کے پی نے کہا کہ ہمیں جس محکمے کی بریفنگ دی جاتی ہے ہم سر پکڑ لیتے ہیں، شہر میں جو صفائی ہو رہی ہے کیا یہ وہ نہیں کر سکتے تھے، تب ملازمین ان کے گھروں میں نوکری کر رہے تھے یا گھر بیٹھے تنخواہ لے رہے تھے مگر جس نے اب گھر بیٹھے تنخواہ لینی ہے وہ نوکری سے جائے گا، جرم ثابت ہونے پر سزا و جزا کا نظام ہوگا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 60)



لاہور: مال روڈ استنبول چوک میں نصب فوارا عرصہ دراز سے بند پڑا ہے۔

اسلام آباد ہائیکورٹ کا نیا ڈیوٹی روسٹر جاری

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے آج سے تا حکم ثانی ججز کا نیا ڈیوٹی روسٹر جاری کر دیا ہے، روسٹر کے تحت رواں ہفتے سے 10 سنگل اور 5 ڈویژن بنچز مقدمات کی سماعت کریں گے۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کی منظوری کے بعد رجسٹرار آفس نے نیا ڈیوٹی روسٹر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 59)

مشرق وسطیٰ میں جنگ نہیں، مذاکرات سے مسئلہ حل کریں، چین کا تمام فریقوں کو پیغام

چینی وزیر خارجہ کا ایران کی خود مختاری اور سلامتی کے تحفظ کیلئے چین کی حمایت کا بھی اظہار

بیجنگ (سٹاف رپورٹر) چین نے مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع کے فریقین پر زور دیا ہے کہ وہ دوبارہ ہتھیار اٹھانے کے بجائے سیاسی حل تلاش کریں اور کشیدگی کم کرنے کے لیے مذاکرات کا راستہ اختیار کریں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق چینی وزیر خارجہ وانگ یی نے بیجنگ میں ایران کی سپریم نیشنل سیکورٹی کونسل کے نائب سیکریٹری علی باقری کنی سے ملاقات کے دوران یہ بات کہی۔ چینی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق وانگ یی نے زور دیا کہ مشرق وسطیٰ کے تنازعات حل کرنے کا راستہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 58)

چیئرمین سینیٹ کا پاکستان واٹر ویک 2026 کے وعدوں پر عملدرآمد کے لئے پارلیمانی حمایت کا اعلان، پانی کا تحفظ قومی ترجیح قرار

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پانی کے تحفظ کو قومی ترجیح قرار دیتے ہوئے پاکستان واٹر ویک 2026 کے دوران کئے گئے وعدوں پر عملدرآمد کے لئے قانون سازی، مؤثر نگرانی اور بجٹ میں مناسب فنڈز مختص کرنے کے ذریعے پارلیمانی حمایت کی یقین دہانی کرائی ہے۔ پیر کو پاکستان واٹر ویک 2026 کی چھٹی بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ کی ذمہ داری (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 55)

پاکستان میں مہنگائی کی سالانہ شرح 9.61 فیصد تک پہنچ گئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ملک میں اکتوبر 2026 کے دوران مہنگائی کی شرح میں ماہانہ بنیادوں پر 08.1 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح 61.9 فیصد تک پہنچ گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق اکتوبر 2025 کے مقابلے میں اکتوبر 2026 میں مہنگائی کی شرح 61.9 فیصد زیادہ رہی جبکہ رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ کے دوران اوسط مہنگائی کی شرح 05.10 فیصد (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 56)

وزیر اعظم آزاد کشمیر کی حریت قیادت سے ملاقات، مسئلہ کشمیر عالمی سطح پر اجاگر کرنے کے عزم کا اظہار

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی حریت رہنماؤں سے ملاقات کیلئے کل جماعتی حریت کانفرنس کے دفتر پہنچے، جہاں انہوں نے حریت کانفرنس کے رہنماؤں سے ملاقات کی۔ ملاقات میں آزاد کشمیر کی سیاسی صورتحال، حریت کانفرنس کی سرگرمیوں اور مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، مقبوضہ کشمیر میں کشمیری عوام پر مودی حکومت کے اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی نے کہا کہ مسئلہ کشمیر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 57)

ٹک ٹاکر پتلو مفرور، تعلقات سے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے، خواجہ آصف

یہ سارا ڈرامہ اس ٹک ٹاکر نے مزید کمائی کیلئے کیا، انعامات اس کی انویسٹمنٹ تھی اور کمائی سوشل میڈیا سے، ایکس پر بیان

ایک ٹک ٹاکر جس کو پتلو کے نام سے پکارا جاتا ہے اپنی شادی کی تقریب پر قیمتی انعامات کا اعلان کر کے جس میں بھاری کیش بھی شامل ہے پبلک کو اکٹھا کر لیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ٹک ٹاکر پتلو مفرور ہے اور اپنا اثر ورسوخ استعمال کر کے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ ڈسکہ میں ہونے والے واقعہ کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، ایک ٹک ٹاکر جس کو پتلو کے نام سے پکارا جاتا ہے اپنی شادی کی تقریب پر قیمتی انعامات کا اعلان کر کے جس میں بھاری کیش بھی شامل ہے پبلک کو اکٹھا کرلیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ سارا ڈرامہ اس ٹک ٹاکر نے مزید کمائی کے لئے کیا، انعامات اس کی انویسٹمنٹ تھی اور کمائی سوشل میڈیا سے۔ انہوں نے کہا کہ علاقہ کے غریب عوام کی غربت کا مذاق بنایا گیا اور ایک بڑے ہجوم میں بھگدڑ میں دو انسانی جانیں گئیں اور درجنوں لوگ زخمی ہوئے۔ وزیر دفاع نے کہا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 51)



سیالکوٹ: چیئرمین لیگل ایجوکیشن پنجاب بار کونسل سمیرا حسین کو بار الائبریری میں بار رو کیشنل سرٹیفکیٹ کی تقسیم کے بعد صدر بار سعید بھلی، سیکرٹری چوہدری شہباز شمس، ممبر پنجاب بار کونسل حسن سرفراز بھلی، نائب صدر گل دیبا، عرفان اللہ وڑائچ، عدنان صفدر کھوکھر یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

کسی بھی معاشرے میں وکیل کا رتبہ مثالی حیثیت رکھتا ہے، سمیرا حسین

قانون کی سمجھنے کے لئے اس کی تاریخ سمجھنا ضروری ہے اچھے وکیل کو کسی کی باریکیاں جاننا ضروری ہوتا ہے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) چیئرمین لیگل ایجوکیشن پنجاب بار کونسل سمیرا حسین نے کہا ہے کہ کسی بھی معاشرے میں وکیل کا رتبہ مثالی حیثیت رکھتا ہے۔ قانون کی سمجھنے کے لئے اس کی تاریخ سمجھنا ضروری ہے اچھے وکیل کو کسی کی باریکیاں جاننا ضروری ہوتا ہے اچھا وکیل بننے کیلئے محنت کی ضرورت ہے اور محنت کے بغیر کامیابی ممکن نہیں، ایک اچھا وکیل جب محنت و لگن سے عدالت میں پیش ہوتا ہے تو سائلین کو انصاف کی فراہمی میں معاون ثابت ہوتا ہے وکالت ایک مقدس پیشہ ہے، وکیل معاشرے کی بہتری کیلئے لڑتا ہے، وکیل معاشرے کے محروم طبقے کیلئے قانونی جنگ لڑتا ہے۔ اس لئے نئے آنے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 52)

ہر ملزم کے خلاف جرم انفرادی شواہد سے ثابت کرنا ضروری ہے، سپریم کورٹ

ایک ملزم کے خلاف جرم ثابت ہونے کی بنیاد پر دوسرے ملزم کو سزا نہیں دی جاسکتی، ریمارکس

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ فوجداری مقدمات میں ہر ملزم کے خلاف شواہد کا انفرادی طور پر جائزہ لینا ضروری ہے، ایک ملزم کے خلاف جرم ثابت ہونے کی بنیاد پر دوسرے ملزم کو سزا نہیں دی جاسکتی۔ عدالت عظمیٰ نے قتل کے مقدمے میں دو بھائیوں میں سے ایک ملزم شہریار کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری جبکہ دوسرے ملزم اسفندیار کی عمر قید کی سزا برقرار (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 53)

سیکیورٹی خدشات کے باعث مجتبیٰ خامنہ ای کی تصاویر جاری نہیں کی جا رہیں، عراقچی

خامنہ ای سپریم لیڈر کی حیثیت سے تمام معاملات دیکھ رہے ہیں اور ریاستی فیصلے ان کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں، انٹرویو

تہران (سٹاف رپورٹر) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ خطے کے ممالک ماضی کے واقعات سے سبق سیکھ چکے ہوں گے، ایران کے خلاف نئی امریکی جنگ کی حمایت نہ کریں۔ روسی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی خدشات کے باعث مجتبیٰ خامنہ ای کی تصاویر جاری نہیں کی جا رہیں، وہ سپریم لیڈر کی حیثیت سے تمام معاملات دیکھ رہے ہیں اور ریاستی فیصلے ان کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مجتبیٰ خامنہ ای انتہائی متحرک انداز میں اپنا کردار ادا کر رہے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 54)



لاہور: ایک خاتون کبوتروں کو دانہ ڈال رہی ہے۔

ایڈیٹر و پبلشر اقبال دانیال کھوکھر نے چترا پریس ہسپتال روڈ لاہور سے چھپوا کر کوٹ رادھا کشن قصور سے جاری کیا